UMAR MEDIA



اور جدائی، جدائی نہ رہی

دشمن سے نہیں، محافظ سے ڈر لگتا ہے

ملک میں "تبدیلی" کا واحد ذریعہ جہاد ہے

طالبان

مجلہ تحریک طالبان پاکستان
08
ربیع الثانی ۱۴۴۲ھ بمطابق نومبر 2020

فہرست مضامین

اداریہ

پاکستان میں سیاسی بھونچال کا ہونا معمول سی بات ہے، یہاں حکومت اور اپوزیشن کی توتو میں میں، اسٹیبلیشمنٹ اور جمہوریت پسندوں کے شور وغل، جمہوری پارٹیوں کی آپسی رنجشیں، اسلام پسندوں کے نظریات کا اختلاف، مختلف مکاتب فکر کے ایک دوسرے کے خلاف بیانات اور ایک دوسرے کے خلاف جلسے جلوس میں باتیں کرنا عام بات ہے۔ لیکن "نئے پاکستان" کے بننے کے بعد ان سیاسی رنجشوں اور اختلافات میں ایک تو نمایاں اضافہ آیا تو دوسری طرف اس کی کیفیت بھی بدل گئی۔

ان سالوں میں کٹھ پتلی حکومت کے سوا تقریبا تمام سیاسی و مزاحمتی پارٹیاں اور تنظیمیں پاکستان پر مسلط ڈنڈہ بردار بدمعاشوں سے لڑ پڑیں اور انہیں وہ باتیں اور خبریں سننے کو ملیں جس کی یہ پانچ فیصد توقع بھی نہیں رکھتے تھے، انہیں کرپشن میں مورد الزام ٹھہرایا گیا، ان پر آمدن سے زائد اثاثہ جات کے کیسز میں ملوث ثابت کیا گیا، انہیں جلسے جلوسوں میں بے جا دخل اندازی پر مہتم کیا گیا اور اکی ویڈیوز شائع کی گئیں، انہیں ایک خالص جمہوری عمل "انتخابات" میں 'چور' کا لقب دیا گیا، ان پر ملک کی ٹھیک حفاظت نہ کرنے پر ملامت کیا گیا، ان کے ریٹائرڈ جرنیلوں کو ملازمتیں دینے پر اعتراضات ہوئے اور ان کی لائی گئی حکومت پر لعن وطعن کی بارشیں ہوئیں۔

حالانکہ فوج و اسٹبلیشمنٹ نے اپنی سی حکومت قائم کر کے ملک میں وہ کچھ کرنے کا سوچا جو یہ کرنا چاہتے تھے لیکن ایسا نہ ہوا بلکہ سب الٹا ہو گیا اور یہ سب اُنہی کے چنے گئے وزراء نے کیا، ایک بھی اپنی مسؤلیت ٹھیک طرح سے ادا نہ کر سکا بلکہ سب اپنے وعدوں سے پیچھے ہٹتے رہے اور اپنی اپنی سیٹوں کو سنبھالنے سے قاصر نظر آئے جس سے ان کے مخالفین کو یہ دلیل ملی کہ یہ وزراء اپنی لیاقت و الیکشن سے نہیں بلکہ قرابت اور سلیکشن سے آئے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج انکے مخالفین کے جلسوں میں لوگوں سمندر نظر آئے۔ اگرچہ مجاہدین کا اس سے کوئی سروکار نہیں ہمارے بالمشافہ دشمن کے سیاسی شکست سے خوشی فطری عمل ہے۔

اسی طرح احمد نورانی نامی ایک صحافی نے سابق فوجی ترجمان کے آمدن سے زائد اثاثہ جات اور درجنوں کمپنیوں پر مشتمل بیرون ملک کاروبار کے جو شواہد پیش کئے اور اس پر عاصم باجوہ کے جوابات کو جس طرح چیلنج کیا تو اس سے بھی فوجی طبقے میں ہلچل مچی اور انہیں اپنے کردار (جس کے بارے اب تمام پاکستانی جان چکے ہیں) پر لگے داغ کو مٹانے کیلئے صرف یہی نہیں کہ صحافی کی آواز کو دبادیا، بلکہ اسے ان آفیشل اکاؤنٹس سے دھمکیاں ملیں اور بجائے اس کے کہ بدنام زمانہ ادارہ نیب موصوف کو بلائے اور حسبِ معمول تحقیقات کرے، بے چارے ٹھس سے مس نہیں ہوئے اور بات صرف یہاں ختم نہیں جب شرم سے جھکی آنکھوں کے ساتھ اس نے (برائے نام) استعفیٰ نامہ لکھا تو اس پر جناب والا وزیر اعظم صاحب نے دستخط کرنے سے گریز کر دیا، لیکن دور تو فوج کی شرمندگی اٹھانے کا ہی چل رہا ہے تو یہاں بھی عوام اور بااثر شخصیات سمیت معروف صحافیوں نے سوال اٹھایا کہ اگر آپ نے خود کو گنہگار سمجھ کر استعفا ہی دینا ہے تو سی پیک کی سیٹ چھوڑدیں صرف وزارت اطلاعات سے ہی استعفا کیوں؟

بات یہیں ختم نہیں ہوئی بلکہ جب خیبر پختونخوا کے ہائیکورٹ کے جج "وقار احمد سیٹھ" کا ظاہراً کرونا وائرس سے انتقال ہوا لیکن ان کی اس طرح اچانک موت نے ایک مرتبہ پھر عوام کو فوج پر بدظن کر دیا اور مطالبہ کیا کہ پوسٹ مارٹم کر کے شفاف تحقیقات کرائی جائیں، اب کچھ ہی دن گزرے تھے کہ اسی نوعیت کا واقعہ مولانا خادم حسین رضوی کے ساتھ پیش آیا جو حال ہی میں ایک دھرنے میں مصروف تھے اور وہ فوج کے خلاف کئی راز بھی اگلنے والے تھے۔ ان کی موت سے بھی عوام میں تشویش پائی گئی اور ایک بار پھر وہی مطالبہ ہوا کہ کیونکر وہی لوگ اچانک مر رہے ہیں جو فوج و اسٹبلیشمنٹ کو چیلنج کر رہے ہیں؟

ہم شروع سے ہی عوام پاکستان کو یہ سمجھانے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اس فوج کو نہ ہی پاکستان میں امن سے کوئی سروکار ہے اور نہ ہی یہ ملک کو اس مقصد کیلئے لانا چاہتے ہیں جس کیلئے اسے حاصل کیا گیا بلکہ اس کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہی یہی فوج ہے اور یہ بات وہ اپنے اعمال سے کئی بار ثابت کر چکے ہیں۔ اسی لئے مجاہدین نے ان سے چھٹکارا پانے کیلئے اور اس طبقے سے وطن عزیز کو آزاد کرنے کیلئے مسلح اور سیاسی و تبلیغاتی جدوجہد کے راستے کو چنتا ہے۔





پاکستان کے مبارک جہادی محاذ پر مصروفِ عمل
مجاہدینِ اسلام کے نام

امیر تحریک طالبان پاکستان

مفتی ابو منصور عاصم حفظہ اللہ

کا پیغام

پاکستان کے مبارک جہادی محاذ پر مصروفِ عمل مجاہدینِ اسلام کے نام

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

الحمدللّٰہ رب العالمین، والصلاۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ وأصحابہ أجمعین، أما بعد: فأعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم:

قال اللّٰہ سبحانہ وتعالی: [وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا] وقال تعالی: [وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِن بَعْدِ مَا جَآءَھُمُ الْبَیِّنٰتُ] وقال تعالی: [وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْھَبَ رِیْحُکُمْ]

وقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "آمرکم بخمس: بالجماعۃ، والسمع، والطاعۃ، والھجرۃ، والجھاد فی سبیل اللّٰہ". وقال صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "والجماعۃ برکۃ، والفرقۃ عذاب".

جہادِ پاکستان کے مبارک محاذ پر دینِ الٰہی کے قیام کے لئے مصروفِ جہاد تحریک طالبان پاکستان اور دیگر جہادی مجموعات کے محترم و معزز مجاہد بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وبعد:

محترم مجاہد ساتھیو: ارشادِ الٰہی کے تناظر میں ایک مسلمان ہونے کے ناطے ہم سب پر اللہ سبحانہ و تعالی کے دین کے قیام کے لیے شرعی حدود میں رہ کر محنت کرنا فرض ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالی ہے: [اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْہِ] اور یہ بھی ایک فطری اور بدیہی حقیقت ہے کہ دین کے قیام کے لیے طاقت اور قوت کا ہونا ضروری ہے اور طاقت و قوت، وحدت اور اتفاق کے بغیر ممکن نہیں، اور پھر دینی فرائض اور اعمال میں جہاد ایک اجتماعی فریضہ ہے، انتشار و افتراق کی صورت میں اس مبارک عمل کے ذریعے صحیح نتائج و اہداف تک پہنچنا بہت مشکل ہے۔ تاریخِ اسلام میں جب بھی یہ مبارک عمل کسی بھی محاذ پر متعدد صورت میں ادا کیا گیا ہے، تو دشمنانِ اسلام خاطر خواہ نقصان اٹھا چکے ہیں، اور اللہ سبحانہ و تعالی نے مسلمانوں پر فتوحات کے دروازے کھل دیے ہیں، اور جہاں بھی جہادی صف میں انتشار و افتراق آیا ہے نتیجتاً تحریکِ جہاد فتنے کا شکار ہوا ہے اور صحیح اہداف و مقاصد تک رسائی نہیں ملی ہے۔

عالمی سطح پر معاصر جہادی تحریک میں جس محاذ پر بھی مجاہدینِ اسلام ضعف اور مشکلات کے شکار ہو گئے اُس کی ایک بنیادی وجہ آپس میں افتراق و انتشار اور ایک ہی محاذ پر متعدد تنظیموں کا وجود تھا۔ معاصر جہادی تحریک میں الحمد للہ افغانستان کی اسلامی امارۃ (أعزّہا اللہ) فتح کامل کے بہت قریب ہے، اس کی ایک بنیادی وجہ امارت اسلامی کی مبارک صف کا ایک ہونا ہے۔

آپس میں وحدت، اتفاق اور صف کا ایک ہونا اہم معروف ہے، اور تعددِ تنظیمات (یعنی انتشار و افتراق) منکرات میں سے اہم منکر ہے، اس وجہ سے قرآن کریم میں اللہ سبحانہ و تعالی نے ہمیں شریعتِ الٰہی پر ایک ہونے کا حکم دیا ہے۔ اختلاف، افتراق اور انتشار سے اللہ سبحانہ و تعالی ہمیں منع فرمایا ہے، اللہ سبحانہ و تعالی نے افتراق و انتشار کے نقصانات واضح طور پر بیان کئے ہیں، اور ارشاد فرمایا ہے کہ یہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ مشابہت ہے، اور فرمایا ہے کہ اختلاف کرنے والوں کے لئے بڑا عذاب ہے، اور روزِ قیامت ان کے چہرے کالے ہوں گے، اور فرماتے ہیں کہ اختلاف کرنے کی وجہ سے بزدل ہو جاؤ گے تمہارا رُعب و دبدبہ ختم ہو جائے گا۔

تو مسلمانوں کی ترقی و کامیابی کا راز ایک ہونے میں ہے اور مسلمانوں کے زوال اور ناکامی کا ایک اہم سبب افتراق و انتشار ہے، حدیث مبارکہ ہے: عن أبی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "إن اللّٰہ یرضی لکم ثلاثا، ویکرہ لکم ثلاثا، فیرضی لک: أن تعبدوہ، ولا تشرکوا بہ شیئا، وأن تعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا ولا تفرقوا. ویکرہ لکم: قیل وقال، و کثرۃ السؤال وإضاعۃ المال".

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ سبحانہ و تعالیٰ تمہارے لئے تین کاموں کو پسند فرماتے ہیں: ایک یہ کہ تم ایک اللہ کی عبادت کرو، دوسرا یہ کہ اللہ سبحانہ و تعالی کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ، تیسرا یہ کہ تم متفق طور پر اللہ کی شریعت کو تھام لو، اور اللہ سبحانہ و تعالی تمہارے لئے تین کام ناپسند فرماتے ہیں: فضول باتیں (کہ فلاں نے یہ کہا اور فلاں نے وہ کہا) زیادہ سوالات

کرنا (یعنی بغیر ضرورت کے سوالات کرنا) اور مال ضائع کرنا۔

تو اس حدیث مبارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحت کے ساتھ ارشاد فرمایا کہ وحدت اور اتفاق اللہ سبحانہ و تعالی کو پسند ہے ۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "البركة فى ثلاثة: فى الجماعة، والثريد، والسحور". برکت تین چیزوں میں ہے: اتفاق میں، سرید میں، اور سحری میں۔ اور نبی علیہ السلام فرماتے ہیں: "عليكم بالجماعة، واياكم والفرقة، فإن الشيطان مع الواحد، وهو من الاثنين أبعد، ومن أراد بحبوحة الجنة فليلزم الجماعة".

ترجمہ: تم پر اتفاق کرنا فرض ہے اور اپنے آپ کو افتراق سے بچاؤ، یقیناً شیطان اس آدمی کی ساتھ ہوتا ہے جو اکیلا ہوتا ہے، جب دو ہوں تو ان سے دور ہوتا ہے، اور جو آدمی چاہتا ہو کہ جنت کے درمیان میں رہائش پذیر ہو تو وہ جماعت کے ساتھ لازم رہے۔ (یعنی جماعت سے اختلاف کرتے ہوئے الگ نہ ہو)

اس حدیث سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اتفاق کرنا فرض ہے اور اختلاف کرنا حرام ہے اور اختلاف کرنے والے کے ساتھ شیطان ہوتا ہے اور جو جماعت کے ساتھ متحد ہوتا ہے شیطان اُس سے دور ہوگا۔ اللہ سبحانہ و تعالی اُس بندے کو جنت کے وسط میں گھر دے گا۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "وفساد ذات البين هي الحالقة". ترجمہ: آپس میں اختلاف کرنا ہی نیک اعمال کو مٹا دیتا ہے۔

اسی طرح نبی کریم علیہ السلام فرماتے ہیں: "ما ضل قوم بعد هدى كانوا عليه إلا أوتوا الجدل".

ترجمہ: جب بھی ایک قوم ہدایت کے بعد گمراہ ہو جاتی ہے تو اسے اختلافات دیے جاتے ہیں۔ تو اس حدیث سے معلوم ہو گیا کہ اپنے درمیان اختلاف اور جھگڑے کرنا گمراہی کی علامت اور صراط مستقیم سے ہٹ جانے کی دلیل ہے ۔ اور عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : لا يبلغ عبد حقيقة الإيمان حتى يدع المراء وهو محق والكذب فى المزاح.

ترجمہ: کوئی بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتا ہے، جب تک آپس کے اس جھگڑے کو بھی ترک نہ کرے جس میں وہ حق پر ہو اور جب تک مزاح میں بھی جھوٹ کو نہ چھوڑے۔

سوچنا چاہئے! کسی موضوع میں اگر کوئی حق بجانب ہو تو اس کو شرعاً و اخلاقاً اختلاف کرنے کا حق ہے، لیکن پھر بھی اختلاف کرنا اتنی منحوس چیز ہے کہ ایمان پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اب اگر کوئی بندہ کسی اختلاف و افتراق میں حق بجانب بھی نہ ہو یا مشکوک صورت حال ہو تو اس کے ایمان کو کتنا نقصان پہنچتا ہوگا؟! اسی طرح ایک اور حدیث میں جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: "ولا تختلفوا فان من كان قبلكم اختلفوا فهلكوا" آپس میں اختلاف نہ کیا کرو، کیوں کہ آپ سے پہلے لوگوں نے آپس میں اختلاف کیا تھا تو ہلاک ہو گئے۔

معروف کرخی رحمہ اللہ فرماتے ہیں : إذا أراد الله بعبد شرا أغلق الله عليه باب العمل وفتح عليه باب الجدل.

ترجمہ: جب اللہ سبحانہ و تعالی کسی بندے کے لیے شر کا ارادہ فرمالیتا ہے تو اس پر عمل و کردار کا دروازہ بند کر دیتا ہے اور اس پر اختلافات کا دروازہ کھل دیتا ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: المراء فى العلم يقسى القلب يورث الضغائن. علم میں جھگڑے اور مناظرے کرنا دل میں قساوت (سختی) پیدا کر دیتا ہے اور انسان کے اندر کینے اور بُغض کو جنم دیتا ہے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اتفاق اور وحدت کو اہل السنۃ والجماعۃ حق اور صواب کہتے ہیں اور اختلاف و تفرق اہل السنۃ کے نزدیک گمراہی اور عذاب ہے ، ونرى الجماعة حقا و صوابا، والفرقة زيغاً وعذاباً.

ترجمہ: ہم (یعنی اہل السنۃ) وحدت اور ایک ہونے کو حق اور صحیح سمجھتے ہیں اور تفرق و اختلاف کو گمراہی اور عذاب سمجھتے ہیں ۔

امام بغوی رحمہ اللہ سورۃ شوری کی اس آیت کریمۃ [اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيه] کے تحت ارشاد فرماتے ہیں: تمام انبیاء علیہم السلام کو اللہ سبحانہ و تعالی نے اس لئے بھیجا تھا کہ دین قائم کرلیں اور مسلمان کی صف ایک ہو اور ایک کلمے پر جمع ہوں اور آپس میں اختلاف اور تفرق کو

چھوڑ دیں: **بعث اللّٰہ الأنبیاء کلهم بإقامة الدین والألفة والجماعة وترک الفرقة والمخالفة۔**

ترجمہ: اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے تمام انبیاء علیہم السلام اس لئے مبعوث فرمایا تھا تاکہ دین قائم کرلیں اور مسلمانوں کے درمیان الفت و محبت ہو اور وہ ایک جماعت ہوں اور آپس میں افتراق و اختلاف چھوڑ دیں۔

تو جہادی صف کا ایک ہونا تحریکِ جہاد کی کامیابی کے لیے روح کی حیثیت رکھتی ہے، اس وجہ سے تحریک طالبان پاکستان نے یہ پالیسی تشکیل دی ہے کہ جس طرح ممکن ہو افہام و تفہیم کے ذریعے جہادِ پاکستان کے مبارک محاذ پر تفرّق اور تحزّب کا سلسلہ ختم ہو جائے اور اس مبارک اور اہم محاذ پر مجاہدینِ اسلام ایک صف اور ایک جماعت ہوں۔ اور الحمد للہ اس مبارک پالیسی میں اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے ہمیں کامیابیاں دیں۔ اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ سے قوی امید ہے کہ مستقبل قریب میں مزید کامیابیاں عطا فرمائے گا۔ اور یہ حقیقت ہے کہ صرف پاکستان نہیں، بلکہ تمام دنیا کے جہادی محاذوں کی کامیابی، بقا اور فتح، متعدد تنظیمات اور مجموعات کو ختم کر کے ایک جماعت ہونے پر موقوف ہے۔

تو تمام مجاہدین کو یہی وصیت کرتے ہیں کہ اس مبارک اور اہم موضوع کی طرف زیادہ توجہ دیں، اور ایسے افعال و کردار سے اپنے آپ کو بچائیں جو کہ مجاہدینِ اسلام کے اندر اختلاف، افتراق، بُعد اور فاصلوں کا سبب بنتے ہوں۔ ہر ایک مجاہد اس موضوع میں اپنی استعداد، صلاحیت اور کردار ادا کرے، اور اس کو اپنی جہادی مسئولیت سمجھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ آپس کے اختلافات کا ختم کرانا اور جوڑ و اصلاح کے لئے کام کرنا نفلی روزوں، صدقوں اور نفلی نمازوں سے زیادہ افضل ہے:

"ألا أخبرکم بأفضل من درجة الصیام والصدقة والصلاة؟ قال: قلنا: بلی، قال: إصلاح ذات البین"۔

والسلام

ابو منصور عاصم محمود حفظہ اللہ

مسئول تحریک طالبان پاکستان

۲۶ ربیع الاول ۱۴۴۲ھ

اسلامی سرحدوں کی حفاظت کی فضیلت

عن خالد بن معدان قال: سمعت أبا أمامة و جبیر بن نُفیر یقولان: یأتي علی الناس زمان أفضل الجهاد الرباط، فقلت: وما ذالک؟ قال: إذا انطاط الغزو وکثرت العزائم واستحلّت الغنائم فأفضل الجهاد یومئذ الرباط.


{مصنف ابن أبي شیبة}

ترجمہ: حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابو امامہ اور حضرت جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہما سے سنا، انہوں نے فرمایا کہ لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ جس میں افضل جہاد سرحدوں کی نگرانی و پاسبانی کرنا ہوگا، میں نے عرض کیا کہ یہ کب ہوگا؟ تو انہوں نے فرمایا کہ جب غزوہ اور جہاد کا سفر دور دراز ہو جائے گا اور خیانتوں کی کثرت ہو جائے گی اور غنیمت کے مالوں کو حلال سمجھ لیا جائے گا تو اس وقت میں افضل جہاد سرحدوں کی نگرانی و چوکیداری کرنا ہوگا۔

ملک میں "تبدیلی" کا واحد ذریعہ جہاد ہے

مفتی مزاحم حفظہ اللہ

نائب امیر تحریک طالبان پاکستان



پچھلے 70 سالوں سے فرنگی نظام کے سائے تلے پسے رہنے والے مسلمانانِ پاکستان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہوچکا ہے، موجودہ حالات میں نظام کی تبدیلی کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں ہے " قبائل میں مسلمانوں کی نسل کشی کا سلسلہ جاری ہے اور بلوچستان کی صحراؤں میں بوری بند لاشیں ملنا روز کا معمول ہے، اس ملک میں اسلامی شرعی نظام کا نفاذ پہلے بھی ہونا چاہئے تھا مگر اب اس کا نافذ کرنا ناگزیر ہوچکا ہے، ملک کی کسی بھی سیاسی پارٹی یا عسکری ادارے پر عوام کا اعتماد نہ ہونے کے برابر ہے، سیاست دانوں اور شریعت دشمن افوج کی ملک سے غداری اور ایمان فروشی روزِ روشن کی طرح عیاں ہوچکی ہے، فوج اور حکمران ٹولے کی عیش و عشرت، ظلم و جبر اور کفار سے وفاداری کے تمام شواہد عوام کے سامنے ہیں اور پاکستان کا برائے نام عدالتی نظام بھی عوام کو انصاف دینے میں ناکام ہوچکا ہے"۔

پاکستان میں اٹھنے والی صدائے انقلاب عرب دنیا میں آنے والے باغیانہ انقلاب کا تسلسل ہے، جس انقلاب نے مصر، تیونس، لیبیا اور یمن میں حکمرانوں کا تختہ الٹ دیا تھا، مگر المیہ یہ ہے کہ ان انقلابات کے نتیجے میں آنے والی حکومتیں بھی مسلمانوں سے وفادار نہیں ہوتیں جس کی وجہ سے مسلمان ملت مایوسی کا شکار ہوجاتا ہے !۔

پاکستان کے غیور مسلمانو!۔

وطنِ عزیز پاکستان میں ایک طرف مسلمانانِ پاکستان کیخلاف طبل جنگ بجا کر پاکستانی شریعت دشمن افواج نے مسلمانوں کا قتل عام کیا تو دوسری طرف انہی ظالم افواج اور حکمران ٹولے نے مسلمانوں کی کمزور معیشت پر قبضہ جمائے رکھا ہے، اسلامی احکامات کے مطابق زندگی گزارنا اس ملک میں جرم تصور کیا جاتا ہے۔ ملک میں بدامنی، ایمان فروشی، بے حیائی، کرپشن، ایکسٹرا جوڈیشل کیلنگز اور جبری گمشدگیوں کے ذمہ دار یہی سیکیورٹی ادارے ہیں جنہوں نے سرزمینِ پاکستان پر بیش بہا جنگی جرائم کئے ہیں جس کا سلسلہ تاحال جاری ہے، انہی غیر شرعی اور ذاتی مفادات کی خاطر ملک میں انٹیلیجنس اداروں کی ایماء پر سیاست کے میدان میں رنگین نعرے بلند کئے گئے جس سے مسلمانان پاکستان کو دھوکہ دیا گیا، افسوس اس بات پر ہے کہ قوم نے عقل و تدبر کے بجائے انہی برائے نام باطل نعروں سے انقلاب کا راستہ ڈھونڈا

اور یوں اسی نظام کی وجہ سے ملک میں عوام کا جینا حرام ہوا

موجودہ حالات میں ہر ذی شعور شخص کو غور وفکر کرنی چاہئے کہ ان حالات کا مقابلہ کیسے کیا جائے؟ یہ حالات ہر پاکستانی شہری کیلئے امتحان ہیں کہ وہ اس جنگ میں جمہوریت کا ساتھ دے گا یا شریعت الٰہی کا؟ سودی نظام معیشت کا ساتھ دے گا یا شرعی نظام اقتصاد کا؟ ظلم وجبر کا ساتھ دے گا یا عدل وانصاف کا؟

جرائم وبدامنی کا ساتھ دے گا یا امن وخوشحالی کا؟ طاغوتی نظام کا ساتھ دے گا یا شرعی قضاء کا؟ فحاشی وبے حیائی کا ساتھ دیے گا یا حدود شریعت کا؟ محراب ومنبر کا ساتھ دے گا یا پارلیمنٹ وسینٹ کا؟

مملکت پاکستان کے غیور مسلمانو!

اس ملک کے قیام کا مقصد کلمہ "لا اله الا الله" کا نفاذ تھا، مسلمانانِ برصغیر کی داستانِ ایمان وہجرت کی تاریخ ہمارے سامنے ہے، برصغیر کے مسلمانوں نے ایک الگ ریاست کا مطالبہ اس لئے کیا تھا کہ وہ اپنے لئے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دیں جس میں اسلامی احکامات کے مطابق آزاد زندگی بسر کریں، مگر افسوس کہ ابتداء سے لیکر آج تک فرنگیوں کے پجاریوں نے ان قربانیوں کے ساتھ غدر وخیانت کی ہے، یہ ایک نازک دور ہے کہ اس دور میں مسلمانانِ پاکستان نے اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنا ہے جس کیلئے عقل اور فہم وفراست کی انتہائی ضرورت ہے

محترم پاکستانیو!

نظریہ پاکستان کی بقا کا راستہ صرف اور صرف جہاد فی سبیل اللہ ہے وہ یہ کہ اسلامی شریعت کے حدود میں رہ کر پاکستان میں مسلح جد وجہد کا راستہ اختیار کیا جائے، پچھلے 70 سالوں سے اسلامی نظام کے نفاذ کا کوئی اور طریقہ باقی نہ رہا اس ملک میں "اسلامی جمہوریت" کے سائے تلے نظام کی تبدیلی ناممکن ہے، اس مفکورے کو اسلاف نے بھی رد کیا ہے کہ اسلامی جمہوریت اسلام کی ضد ہے

علامہ سید سلیمان ندوی رح نے فرمایا تھا کہ:

جمہوریت اور جمہوری عمل کا اسلام اور خلافت اسلامیہ سے کیا تعلق؟ موجودہ جمہوریت تو سترویں صدی کے بعد پیدا ہوئی، یونانی جمہوریت بھی موجودہ جمہوریت سے الگ تھی لہذا اسلامی جمہوریت ایک بے معنی اصطلاح ہے ہمیں تو اسلام میں کہیں بھی مغربی جمہوریت نظر نہیں آئی اور اسلامی جمہوریت تو کوئی چیز ہے ہی نہیں۔

{ماہنامہ سنابل کراچی مئی ۲۰۱۳ء جلد نمبر ۸ شمارا ۱۱}

مسلمانان پاکستان!

نظریہ پاکستان کی بقا کیلئے پاکستان میں تحریک طالبان پاکستان وہ واحد تحریک ہے جس نے اسی نظریئے کی بقا کیلئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں اور یہی امیدوں کا وہ محور ہے جس سے تبدیلی ممکن نہیں بلکہ یقینی ہے۔ تو مسلمانان پاکستان کی خدمت میں عرض ہے کہ اس نازک صورتحال میں بجائے اس کے کہ قوم نظام جمہوریت کے سائے انقلاب کا راستہ تکتی رہے، انہیں چاہئے کہ اسلام کا پرچم تھامے رکھیں اور شرعی نظام کے نفاذ کا عزم لیکر اٹھیں، پاکستان کے ہر شہری پر انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی طور پر فرض ہے کہ وہ اس مشن کو پورا کریں کیونکہ یہ زمین اللہ کی ہے اور اس پر قانون بھی اللہ کا چلے گا، باقی سب قوانین باطل ہیں جو ہمیں منظور نہیں۔ پاکستان اسلام اور مسلمانوں کی سرزمین ہے اور اللہ کی مدد ونصرت سے اس ملک پر نظام بھی اسلام کا نافذ ہو کر رہے گا۔ ان شاء اللہ



سلطان العلماء

SULTAN UL ULAMA

دوسرا حصہ

تالیف: الشیخ گل محمد حفظہ اللہ

الحمد للّٰه رب العٰلمين والصلاه والسلام على خاتم الانبياء والمرسلين نبينا محمد وعلى أله وصحبه ومن اقتفى أثره الى يوم الدين

اما بعد: فأعوذ باللّٰه من الشيطٰن الرجيم

وَ كُلًّا نَّقُصُّ عَلَيکَ مِن اَنبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِه فُؤَادَکَ وَجَآءَکَ فِيْ هذهِ الحَقُّ وَمَوعِظَةٌ وَّذِكرٰى لِلمُؤمِنِينَ الهود: 120}

وقال تعالى:لَقَد كَانَ فِيْ قَصَصِهِم عِبرَةٌ لِّأُولِى الأَلبَابِ {يوسف:111}

وقال تعالى: فَاقصُصِ القَصَصَ لَعَلَّهُم يَتَفَكَّرُونَ {الاعراف:176}

نفس کی تربیت اور پرورش میں قصوں اور واقعات کا بہت بڑا اثر ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالی نے اپنے نبی ﷺ کو حکم فرمایا ہے کہ لوگوں کے سامنے واقعات بیان کرو۔ قرآن کریم ان قصوں کے فوائد بھی بیان کرتا ہے، جیسا کہ اوپر مذکورہ آیات میں چھ فائدے بیان کئے گئے ہیں۔

قصوں اور واقعات کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ لوگ انہیں شوق سے سنتے ہیں۔ اس وجہ سے ہم یہاں ایک مشہور عالمِ دین شیخ عزالدین بن عبد السلام کی سیرت اور حالات مختصر طور پر بیان کریں گے۔

تعارف:

آپ کا نام عبد العزیز بن عبد السلام ہے اور عزالدین بن عبد السلام سے مشہور ہیں۔ آپ عزالدین، شیخ الاسلام اور بائع الامراء کے القاب سے بھی مشہور ہیں اور آپ کے مشہور شاگرد ابن دقیق العید نے اپنے استاذ کو سلطان العلماء کا لقب دیا تھا۔

شیخ کے دور کے سیاسی حالات:

شیخ کی پیدائش دمشق میں 577ھ میں ہوئی۔ آپ شام میں رہتے تھے، پھر وہاں سے مصر چلے گئے اور وہاں بنو ایوب کی حکومت تک وقت گزارا۔ یہ ایک مضبوط حکومت تھی جسے صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ نے قائم کیا تھا، لیکن بعد میں یہ حکومت بہت کمزور ہوگئی، کیوں کہ اس کے امراء کے اندر بادشاہی کا شوق پیدا ہو گیا تھا، چناں چہ انہوں نے آپس میں جنگیں شروع کر دیں، یہاں تک کہ ان میں سے بعض نے صلیبیوں سے اتحاد بھی کر لیا

تھا، خود کو اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں سے جنگوں میں مصروف کیا ہوا تھا، آخر میں نوبت یہاں تک پہنچی کہ انہوں نے ایک عورت کو اپنا حاکم بنالیا، اسلامی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ جب مسلمانوں پر کوئی عورت حاکم بنی۔ اس عورت کا نام "شجرۃ الدار" تھا۔ جب اس کا شوہر فوت ہوا تو اس نے یہ خبر چھپا کر رکھی اور اس کی جگہ ایک شخص کو مقرر کر دیا جو کہ برائے نام حکومت چلاتا اور حقیقت میں تمام اختیارات اس کے اپنے ہاتھ میں تھے۔ تین مہینے اسی طرح حکومت چلتی رہی لیکن آخر کار لوگوں نے مخالفت کر دی تو اس نے حکومت چھوڑ دی۔

شیخ صاحب رحمہ اللہ کی عمر 83 سال تھی، اس دور میں بہت سے سیاسی واقعات نزدیک وقت میں گزرے تھے، صلاح الدین ایوبی رحمہ اللہ نے 583ھ میں صلیبیوں سے بیت المقدس واپس لیا تھا۔ اسی طرح بعض صلیبی حملے فلسطین اور مصر پر ہوئے تھے۔ اسی طرح بغداد میں خلافتِ اسلامیہ پر تاتاری حملے ہوئے تھے، جس میں بہت سے اسلامی شہر تباہ ہوگئے تھے، مصر کے بادشاہ سیف الدین قطز کی قیادت میں "عین جالوت" کے مقام پر تاتاریوں کو شکست ہوئی تھی۔ اسی طرح صلاح الدین ایوبی کی وفات کے بعد ان کے بیٹوں نے قوی ایوبی حکومت کو مختلف حکومتوں میں تقسیم کر دیا تھا، جیسا کہ ایک حکومت مصر میں تھی، ایک دمشق میں، ایک حلب میں، ایک حماہ میں، ایک حمص میں، ایک مابین النہرین میں تھی، پھر ان سب میں ایک دوسرے کے لئے بغض وکینہ تھا اور وہ ایک دوسرے کے خلاف منصوبے بناتے رہتے، حالاں کہ ان کے مقابلے میں صلیبی اور تاتاری بھی موجود تھے، یہاں تک کہ اسماعیل بادشاہ نے مصر کے بادشاہ ایوب کے خلاف صلیبیوں سے صلح کرلی تھی، یہ واقعہ آئندہ تفصیلاً ذکر کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

شیخ کی امتیازی صفت:

جرأت وبہادری، شیخ عز بن عبد السلام کی بہت سی امتیازی صفات تھیں البتہ ان کی سب سے امتیازی صفت جرءت اور بہادری تھی، جس کی وجہ سے ان میں حق گوئی، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بہت زیادہ تھا۔ وہ منکرات کا کھل کر رد کرتے، امراء اور بادشاہوں میں جو منکرات ہوتے، وہ اس پر کھل کر رد کرتے، وہ "ولا یخاف لومۃ لائم" کا مصداق تھے۔

واضح رد کے فائدے:

ہونا بھی یہی چاہئے کہ واضح منکرات کا واضح رد کیا جائے، کیونکہ اس کے بہت سے فوائد ہیں:

ان میں سے ایک یہ ہے کہ عالم معذور سمجھا جاتا ہے کہ فلاں عالم نے اس گناہ کا رد کیا تھا لیکن لوگوں نے نہیں مانا، اور اگر ایسا نہ کرے تو لوگ کہتے ہیں کہ مداہن اور منافق ہے، حق نہیں بیان کرتا اور پھر اللہ تعالی کے سامنے بھی عذر نہیں پیش کیا جاسکتا۔

دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس کی وجہ سے لوگ بھی اس منکر سے رک جاتے ہیں، جیسا کہ جو نیک لوگ "اصحاب السبت" کو ان کے گناہ سے روکتے تھے تو وہ کہتے تھے کہ "معذرة إلى ربكم ولعلهم ينتهون"

تیسرا یہ ہے کہ جو عالم منکرات کا رد کرتا ہے تو نیک لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت اور مقبولیت پیدا ہوتی ہے، لوگ اس کے پاس جمع ہوتے ہیں اور اللہ تعالی اسے اپنے اس قول کا مصداق بنادیتے ہیں کہ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ۔

چوتھا فائدہ یہ ہے کہ دوسرے لوگوں میں بھی منکرات کے رد کی جرأت پیدا ہوجاتی ہے اور اگر عالم رد نہ کرے تو لوگ کہتے ہیں کہ فلاں عالم ہے، جب وہ رد نہیں کرتا تو میں کیوں مخالفت کروں۔

پانچواں فائدہ یہ ہے کہ اس سے حق واضح ہوجاتا ہے، کیونکہ جب عالم حق بیان نہ کرے تو حق کیسے واضح ہوگا، جیسا کہ امام احمد رحمہ اللہ نے کہا کہ فمتی يتبين الحق (حق کب واضح ہوگا؟)

ان فوائد کی وجہ سے شیخ عزالدین بن عبد السلام رحمہ اللہ میں حق گوئی اور منکرات کا رد بہت زیادہ تھا، جس کی وجہ سے وہ خطرات اور اور مشکلات کا سامنا بھی کرتے۔ جب کوئی شخص حق پرستی اور منکرات کے رد کا دعویٰ کرے اور مشکلات کا سامنانہ کرے تو اس کا دعویٰ صحیح نہیں ہے، جیسا کہ ایک فوجی اور مجاہد خطرات اور مشکلات کا سامنانہ کرے تو یہ فوجی اور مجاہد نہیں ہے، اسے چاہئے کہ فوجی اور مجاہد کا لباس اور وردی نہ پہنے۔

شیخ عزالدین رحمہ اللہ کی جرأت اور حق گوئی کی مثالیں:

صالح اسماعیل بادشاہ کے سو کوڑوں کا واقعہ، جب شیخ عزالدین دمشق میں تھے تو وہاں اس وقت بنو ایوب میں سے صالح اسماعیل حاکم تھا۔ اس نے شیخ صاحب کو اموی جامع مسجد کی خطابت حوالے کی تھی۔ کچھ وقت بعد اس بادشاہ نے نصرانی صلیبیوں سے تحالف اور اتحاد کرلیا، اور اس اتحاد اور تحالف میں ان کو بعض قلعے اور شہر حوالے کر دیئے، اس شرط پر کہ اس کے بدل میں صلیبی، صالح ایوب کے مقابلے میں اس کی مدد کریں گے۔

(ایوب، اسماعیل کا بھتیجا تھا) یہ واقعہ 638ھ کا ہے کہ جب صلیبی دمشق میں داخل ہوئے تھے۔ دوسری بات یہ کہ اسماعیل بادشاہ نے صلیبیوں کو یہ اجازت بھی دے دی تھی کہ وہ مصر کے مسلمانوں کے خلاف جنگ کے لئے دمشق میں اسلحہ بھی خرید سکتے ہیں۔ شیخ صاحب نے منبر پر تقریر کے دوران اس اتحاد کا سختی سے رد کیا اور خطبے میں بادشاہ کے لئے دعاء کو چھوڑ کر آخر میں یہ دعاء کی:

أللهم أبرم لهذه الأمة أمرا رشدا تعز فيه وليك وتذل فيه عدوك ويؤمر فيه بالمعروف وينهي عن المنكر

ترجمہ: یااللہ اس امت کی حالت کو ایسا صحیح فرمادے کہ جس میں آپ کے دوست عزت دار ہوں اور آپ کے دشمن ذلیل ہوں اور جس میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا جاتا ہو۔

اور پھر منبر سے نیچے اتر آئے۔ اس پر بادشاہ بہت غضبناک ہوا اور انہیں خطابت سے معزول کر کے جیل میں ڈال دیا۔ اس سے ملک میں حالات خراب ہوگئے۔ بادشاہ نے شیخ کو جیل سے تو نکال دیا لیکن خطبے کی پابندی برقرار رکھی۔ اس سے قبل ان سے یہ استفتاء کیا گیا تھا کہ فرنگیوں کو اسلحہ بیچنا کیسا ہے تو شیخ صاحب نے یہ فتویٰ دیا تھا کہ ان کو اسلحہ بیچنا حرام ہے۔ کیونکہ تمہیں معلوم ہے کہ وہ اسلحہ اس لئے خریدتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے تمہارے مسلمان بھائیوں سے جنگ کریں۔ بعض دیگر علماء نے بھی اسماعیل بادشاہ پر رد کیا۔ ان علماء میں سے ایک ابن حاجب مالکی رحمہ اللہ بھی تھے۔ انہوں نے بھی بادشاہ پر سخت رد کیا۔ چنانچہ انہیں بھی بادشاہ نے کچھ عرصہ جیل میں ڈال دیا اور پھر آزاد کر کے گھر میں نظر بند کر دیا۔

{البدایۃ والنہایۃ ص:251 ج:17}

اس کے بعد شیخ دمشق سے بیت المقدس کی طرف روانہ ہوگئے، اتفاقاً اس وقت اسماعیل بادشاہ بھی اسی طرف جا رہا تھا اور راستے میں بیت المقدس کے نزدیک اس کی نصاریٰ کی قیادت سے ملاقات طے تھی۔ بادشاہ نے اپنے ایک خاص رازدار سے کہا کہ شیخ صاحب کے پاس جاؤ اور انہیں بہت نرمی سے یہ بات کہو کہ میرے پاس آجائیں اور آکر مجھ سے معافی مانگ لیں، اپنے عہدے پر واپس آجائیں اور کام شروع کر دیں، اور اگر بات نہ مانیں تو انہیں میرے خیمے کے نزدیک ایک خیمے میں بند کر دو۔ وہ شخص شیخ صاحب کے پاس آیا اور کہا کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، آپ صرف بادشاہ کے پاس چلیں اور ان کا ہاتھ چوم لیں اور اپنا کام شروع کر دیں۔

اس کی بات سن کر شیخ صاحب مسکرائے اور فرمایا:

"والله ما أرضي أن يقبل الملك يدي فضلا عن أن أقبل يده"

ترجمہ: اللہ کی قسم! مجھے یہ بھی پسند نہیں کہ بادشاہ میرا ہاتھ چومے، چہ جائے کہ میں بادشاہ کا ہاتھ چوموں۔"

اور فرمایا: **"أنا في واد وأنتم في واد آخر"** یعنی میں ایک وادی میں ہوں اور تم دوسری وادی میں ہو۔

یعنی میری سوچ اور ہے اور تمہاری سوچ اور ہے۔

"الحمد لله الذي عافاني مما ابتلاكم به"

ترجمہ: تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے مجھے اس سے بچا کر رکھا جس میں تمہیں پھنسایا۔

انہوں نے شیخ صاحب کو گرفتار کیا اور ایک خیمے میں بند کر دیا، شیخ صاحب اس خیمے میں ذکر و عبادت اور قرآن کریم کی تلاوت کرتے اور بادشاہ آپ کی تلاوت سنتا۔ ایک دفعہ بادشاہ کی نصرانی صلیبیوں سے ملاقات تھی اور وہ ایک ایسی جگہ بیٹھے تھے کہ وہ شیخ کی تلاوت سن رہے تھے۔ بادشاہ نے فرنگیوں سے کہا کہ **"هل تسمعون هذا الذي يقرأ"** (کیا تم سن رہے ہو جو یہ پڑھ رہا ہے؟)۔ انہوں نے کہا کہ ہاں، بادشاہ نے کہا کہ **"هذا أكبر قساوسة المسلمين"** (یہ مسلمانوں کا بڑا عالم ہے)۔ اس کو میں نے اس وجہ سے قید کیا ہے کہ یہ ہمارے تم سے اتحاد کرنے، بعض قلعے تمہارے حوالے کرنے اور مصریوں کے خلاف جنگ میں تم سے اتفاق کرنے پر اعتراض کرتا تھا۔ میں نے اسے خطابت اور اپنے عہدے سے بھی معزول کر دیا ہے۔ نصرانیوں نے اسے یہ جواب دیا:

لو كان هذا القسيس عندنا لغسلنا رجليه وشربنا مرقته

ترجمہ: اگر یہ عالم ہمارے ہاں ہوتا تو ہم اس کے پاؤں دھوتے اور اس کا پانی پیتے۔ {طبقات الشافعیۃ الکبری للسبکی ص:۲۴۳، ج:۸}

اس سے بادشاہ بہت ذلیل ہوگیا۔ اس کے بعد مصر والوں نے حملہ کیا اور اور بادشاہ اور اس کے اتحادیوں پر غلبہ پایا اور شیخ بھی جیل سے آزاد ہوگئے۔

مذکورہ واقعے کی عبرتیں اور فوائد:

مسلمانوں کے خلاف کفار سے اتحاد کرنا بہت بڑا گناہ ہے، اس کا رد بہت سختی سے کرنا چاہئے، جیسا کہ شیخ عزالدین اور شیخ ابن حاجب رحمھما اللہ نے کیا۔ آج کل برائے نام اسلامی ممالک مجاہدین کے خلاف امریکہ اور دیگر کفری ممالک سے اتحاد کرتے ہیں اور پاکستان تو اس پر فخر کرتا ہے کہ ہم

امریکہ کے صف اول کے اتحادی ہیں۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایسے موقع پر علماء کو چاہئے کہ خطرات، جیل اور دیگر مشکلات برداشت کرنے کے لیے تیار رہیں۔

اس سے یہ بھی پتہ چلا کہ ایسے موقع پر جن علماء نے مشکلات اور خطرات برداشت کیں تو وہ دوسرے لوگوں کے لئے نمونہ اور مثال بنے اور ان کا نام، نشان اور تاریخ زندہ رہتی ہے، جیسا کہ شیخ عزالدین رحمہ اللہ۔

یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایسے موقع پر برائے نام اسلامی حکمران کفار کو خوش کرنے کے لئے کبھی کبھی بعض حق پرست علماء کرام کو شہید بھی کرتے ہیں، کبھی قید کر دیتے ہیں، جیسا کہ اسماعیل بادشاہ نے شیخ عزالدین کو فرنگیوں کی خوشی کی خاطر گرفتار کر کے قید کر دیا تھا۔ آج کل پاکستان نے بھی امریکہ کی خوشی کی خاطر بے شمار علماء ومجاہدین کو قید اور شہید کیا ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کفار اور دیگر ادیان اور مذاہب والوں کے نزدیک اپنے بڑے اور ہیرو کی بہت قدر ہوتی ہے لیکن بعض نام نہاد مسلمانوں کے دل میں اپنے پیشواؤں کی قدر نہیں ہوتی، جیسا کہ اس فرنگی نے اقرار کیا کہ اگر ایسا عالم ہم میں ہوتا تو ہم اس کے پاؤں دھو کر اس کا پانی پیتے۔

ایک دفعہ شام کا ایک امیر شیخ عزالدین پر غصہ ہو گیا، ان کے درس پر پابندی لگا دی اور انہیں گھر میں نظر بند کر دیا۔ اس زمانے کے ایک بڑے فقیہ حنفی عالم "جمال الدین الحصیری" اس حاکم کے پاس گئے اور اس سے کہا:

لوكان العز بن عبد السلام في الهند أو في اقصى الدنيا لكان جديرا بک أن تسعي في أن يحضر اليک فإنه شرف لک أن تملک أمة فيها مثل العز بن عبد السلام فينبغي أن تسترضيه

ترجمہ: اگر عزبن عبد السلام ہند یا دنیا کے کسی دوسرے کونے میں ہوتے تو تمہارے یہ لائق تھا کہ تم انہیں اپنے پاس لانے کی کوشش کرتے، کیوں کہ یہ تمہارے لئے عزت وشرف کا باعث ہے کہ تم ایک ایسی قوم کے حاکم ہو کہ جس میں عزبن عبد السلام کے جیسا شخص ہے، تمہیں چاہئے کہ تم انہیں راضی کرو۔

چناں چہ حاکم نے شیخ صاحب کو راضی کیا اور انہیں اچھی مسؤولیت دی۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حق پرست اور باطل پرست لوگوں کی سوچوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ حق پرستوں کی سوچ اللہ تعالی کی رضا اور اللہ تعالی کے دین کی بالا دستی ہوتی ہے، دنیا کے مرتبوں کی قربانی دینا اور لوگوں کی تعریف اور برائی کی پرواہ نہ کرنا ہوتی ہے، جبکہ باطل پرستوں کی سوچ مخلوق کی رضا اور دنیا کے مرتبے اور دنیا جمع کرنا اور لوگوں کی تعریفیں حاصل کرنا ہوتا ہے۔

شیخ عزالدین رحمہ اللہ نے کہا کہ **"أنا في واد و أنتم في واد" "الحمد للّٰه الذي عافاني مما ابتلاكم به"** اس جملے سے شیخ رحمہ اللہ کا زہد فی الدنیا کا پتہ چلتا ہے۔

دوسری مثال:

مصر کے بادشاہ ایوب کا واقعہ، شیخ عزالدین بن عبد السلام رحمہ اللہ مصر چلے گئے تھے۔ مصر کے بادشاہ نجم الدین ایوب نے ان کا بہت اچھا استقبال کیا اور انہیں بڑا عہدہ دیا۔ ایوب بادشاہ بہت ہی نیک آدمی تھے لیکن بہت سخت تھے، ان کا رعب بھی بہت زیادہ تھا، کوئی ان سے بات کرنے کی ہمت نہیں کرتا تھا۔ ایک دفعہ عید کے دن وہ قافلے کی شکل میں قاہرہ کے راستوں میں گشت کر رہے تھے، راستے کے اطراف میں پولیس ہاتھوں میں تلوار لئے کھڑی تھی اور امراء ان کے سامنے زمین کو بوسے دے رہے تھے جو ان کا ایک غلط رواج تھا۔ اس وقت شیخ عزالدین رحمہ اللہ نے آواز دی

"یا ایوب!"

بادشاہ حیران ہو گیا کہ یہ کون ہے جو مجھے بغیر کسی لقب کے نام سے پکار رہا ہے۔

پھر اس شخص نے کہا:

ماحجتک عند اللہ عزوجل غدا إن قال لک الم ابوئک ملک مصر فابحت الخمور

ترجمہ: قیامت کے دن اللہ کے ہاں تمہاری کیا دلیل ہوگی جب اللہ تعالی تم سے پوچھیں گے کہ میں نے تمہیں مصر کی بادشاہی دی تھی اور تم نے اس میں شراب مباح کر دی تھی۔

اس نے کہا کہ کیا حقیقت میں مصر میں ایسا ہے؟ شیخ نے کہا کہ ہاں فلاں فلاں جگہ ایسی دکان ہے کہ جس میں شراب بھی بکتی ہے اور دوسرے منکرات بھی ہوتے ہیں۔ اس نے کہا کہ یہ میں نے نہیں بنائی بلکہ یہ تو میرے والد کے وقت سے ہے۔ شیخ صاحب نے کہا کہ تم انہی لوگوں میں سے ہو جو یہ کہتے ہیں کہ **"إِنَّا وَجَدنَآ أَبَآءَنَا عَلى أُمَّةٍ وَّإِنَّا عَلى أٰثرِهِم مُّهْتَدُونَ {الزخرف:22}**

ترجمہ: ہم نے اپنے آباء کو ایک کام کرتے دیکھا تو ہم انہیں کے نقش قدم

پر چل رہے ہیں۔
بادشاہ نے کہا:
میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، اور حکم دیا کہ وہ دکان فوراً ختم کر دی جائے اور مصر میں شراب کے بیچنے پر پابندی لگادی۔

شیخ صاحب کے ایک شاگرد "باجی" نے شیخ سے اس واقعے کے بارے میں پوچھا تو شیخ صاحب نے کہا کہ بادشاہ بہت عظمت اور تکبر میں تھا تو میں نے اسے اس لئے ذلیل کیا تا کہ تکبر کی وجہ سے ہلاک نہ ہو جائے۔ شاگرد نے کہا کہ آپ کو اس سے ڈر نہیں لگا، تو شیخ نے جواب دیا:

لا، واللّٰه يا بني استحضرت عظمة اللّٰه عزوجل وهيبته فرأيت السلطان أمامي كالقط

ترجمہ: اللہ کی قسم! میں نے اللہ عزوجل کی ہیبت کو اپنے سامنے کیا تو بادشاہ مجھے اپنے سامنے ایک بلی کی مانند لگنے لگا۔ (طبقات الشافعیۃ الکبریٰ ص:211 ج:8)

فوائد:

اس واقعے میں بھی بہت سی عبرتیں اور فوائد ہیں:
ایک یہ کہ شیخ صاحب میں جرأت بہت زیادہ تھی، کیونکہ بادشاہ بہت زیادہ رعب والا تھا اور وہ منظر اور موقع بھی بہت رعب والا تھا، ایسے میں بادشاہ سے بات کرنا اور صرف نام لے کر اسے پکارنا بہت جرئت کا کام ہے۔
شیخ صاحب رحمہ اللہ نے دو منکرات کارد کیا، ایک شراب کی دکان کارد اور دوسرا بادشاہ کے تکبر اور غرور کارد، اور پھر بادشاہ پر شفقت بھی کی کہ کہیں اس کی آخرت نہ خراب ہو جائے۔
اپنے شاگردوں کو بھی بہادری اور غیرت کا درس دیتے، کیوں کہ جو شخص صرف درس و تدریس کرے اور اللہ تعالی کے دین پر غیرت نہ کرے اور منکرات سے اس کے چہرے پر تبدیلی نہ آئے، صرف صفحے پلٹنے میں وقت گزارے، تو ایسے علم کا خاص ثمرہ اور فائدہ نہیں ہوتا۔

احکم الحاکمین اللہ جل جلالہ ہے:

ونادىٰ نوح ربّه فقال ربِّ إنّ ابني من أهلي وإنّ وعدک الحقّ وأنت أحكم الحاكمين
{سورة الهود، 45}

ترجمہ: اور نوح علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا اور کہا کہ اے میرے رب! میرا بیٹا بھی میرے گھر والوں میں ہے (اس کو بھی نجات دے) آپ کا وعدہ سچا ہے اور آپ احکم الحاکمین ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ احکم الحاکمین اللہ کی ذات ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ حکومت کرنے والوں میں وسعت، علم و قدرت اور عدل و انصاف وغیرہ میں بڑی اور برتر اور مطلق حکومت اللہ کی ہے (باقی سب زمینی حکمرانیاں اس کے ماتحت اور اسکے قبضۂ قدرت میں ہیں) جس سے نہ تو کوئی چیز مخفی ہے اور نہ ہی اس میں کوئی کمزوری ہے اور نہ ہی اس میں کوئی چیز عدل و انصاف کے خلاف شامل ہے اور یہ شان اللہ کے علاوہ کسی اور کی حکومت و حکمرانی کو حاصل نہیں۔
شاعر کہتا ہے:

سروری زیبا فقط اُسی ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے فقط وہی، باقی بتانِ آزری

اور جدائی، جدائی نہ رہی

کالم نوکِ قلم

از: خالد قریشی

اگست کا مہینہ عام طور پر پاکستان میں سرکاری سطح پر آزادی کیلئے جانا جاتا ہے، ڈھول باجوں اور ناچ گانوں سمیت خوشی کے نام طرح طرح کا شور مچایا جاتا ہے، 21 توپوں کی سلامی دی جاتی ہے اور لاہور و کراچی کا رُخ کر کے خود خو احساس دلایا جاتا ہے کہ ہم آزاد ہیں۔ لیکن سال 2020ء جو کہ کافی وجوہات کی بنیاد ذراہٹ کر تھا تو پاکستان میں بھی الگ دکھائی دیا جہاں اگست کا مہینہ تو تھا، پرچم بھی لہرا رہے تھے، توپوں کی سلامی بھی پیش کی گئی، فوجی پریڈ بھی ہوا، شور بھی مچایا گیا، خود کو آزادی کا احساس بھی دلایا گیا اور مبارکبادیں بھی وصول ہوئیں۔ لیکن جشن کا یہ سماں اس سال پاکستانی فوج اور حکومت کیلئے ماتم کا سبب بن گیا تھا، دشمن یہ خبر سُننے کے بعد گویا اپنے کانوں پر یقین نہ کر سکا اور خود کو ہلاہلا کر جاننا چاہا کہ شاید میں خواب دیکھ رہا ہوں اور میرے جاگنے سے یہ خبر جھوٹی ثابت ہو لیکن ایسا نہ ہوسکا، ان کے کان بھی ٹھیک تھے اور وہ جاگے بھی ہوئے تھے اور ان کی حواس باختگی کا عالم دیکھنے لائق تھا اور یہ جشن پاکستانی مجاہدین کا ایک تاریخی اتحاد کا جشن تھا۔ اس اتحاد سے کافی عرصہ بعد مجاہدین پاکستان یعنی تحریک طالبان پاکستان میں ایک غیر متوقع خوشی کی لہر دوڑ گئی، قیادت کے مسکراتے چہرے اور باوقار شخصیات کا ایک دوسرے سے ملنے جلنے اور بھائی چارگی کی باتوں نے مجاہدین کے زخموں پہ پُراثر مرہم کا کام دکھایا۔ امیر محترم مفتی نور ولی (ابو منصور عاصم) حفظہ اللہ کا ولولہ انگیز خطاب ہوا جہادی جبہات کے امراء امیر محترم عمر خالد خراسانی اور محترم عمر مکرم خراسانی کے بیانات، سب نے فضاء میں محبتیں بکھیر کر سامعین کے دل موہ لیئے۔ خلاصہ یہ کہ ایک ایسا دن تھا جس کی نہ ہی مجاہدین کو توقع تھی اور نہ ان کے دشمنوں کو، تاہم اللہ جب کسی پر نعمت نازل کرنا چاہے تو اسے کون روک سکتا ہے؟

اس اتحاد کا دشمن پر یہ اثر تھا کہ اس نے حسبِ معمول کئی طرح کے پروپیگنڈے کئے جس میں کچھ بھی نیا سننے کو نہیں ملا بلکہ وہی آس پاس کے مالک کے نام لیکر



کالم نوکِ قلم

از: خالد قریشی

اتحاد کو یا تو توڑنا چاہا یا اسکی ہیبت اور وقعت کو پاکستانیوں کے دلوں سے نکالنا چاہا لیکن اس میں وہ مکمل طور ناکام رہے، بلکہ پاکستانیوں نے تو جوں اور جرنیلوں کی ناکامیوں پر انہیں خوب تنقید کا نشانہ بھی بنایا جو آپ نے 15 سے 20 اگست کے دوران سوشل اور الیکٹرانک میڈیا پر دیکھ چکے ہوں گے حتیٰ کہ اکثر تجزیہ نگاران نے اسے فوج و اداروں کیلئے ایک چیلنجنگ اور خطرناک عمل قرارا تو بعض نے اسے ایک عام اتحاد بتلانے کی کوشش کی۔ مجاہدین، جن کے ساتھ اللہ رب العزۃ نے اتحاد و اتفاق پر کامیابی کے وعدے کئے ہیں، نے وہ کامیابیاں اپنی آنکھوں سے دیکھی اور پاکستان پر مسلط فوجی طبقے پر ایسے وار ہوئے کہ وہ خود کہنے لگے کہ ہم ایک مرتبہ پھر 2009ء2010-ء میں چلے گئے ہیں۔ اللہ کی خصوصی مدد سے تمام قبائلی علاقوں اور کئی بندوبستی علاقوں میں مختلف عسکری اداروں کے اہلکاروں کو انتہائی نزاکت کے ساتھ نشانہ بنایا گیا اور اس بار چاہتے ہوئے بھی فوج اپنی ناکامی کو نہ چھپا سکی۔ شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان، باجوڑ ایجنسی، بلوچستان، خیبر پختونخوا اور کراچی میں فوج، ایف سی اور پولیس سمیت مختلف جاسیس اور خفیہ آلہ کاروں پر ہونے والے حملوں نے ثابت کر دیا کہ یکمشت مجاہدین اب بھی فوج کی نیندیں حرام کر سکتے ہیں۔

اس دوران آرمی چیف سمیت مختلف صوبائی عسکری عہدیداروں نے حقائق پر پردہ ڈالتے ہوئے فوجی ناکامیوں کو چھپاتے ہوئے ان حملوں میں بیرونی ہتھکنڈوں کی شمولیت اور اسے قومی سالمیت پر حملوں جیسے نام دیکر یہ کوشش کرنا چاہی کہ مجاہدین کے وجود کا تذکرہ نہ ہونے پائے اور کسی طرح پاکستانیوں کے اذہان سے یہ بات نکال لی جائے کہ اس ملک میں اب بھی ایسے لوگ موجود ہیں اور وہ یک جان ہو کر اس ملک کو بدمعاشوں کی وردی کی مصیبت اور ناکام حکمرانوں کی چنگل سے آزاد کر کے اس ملک کو اپنا مقصد "لاالہ الا اللہ" دلانا چاہتے ہیں اور اس راہ میں ان کے لئے جو بھی رکاوٹ آئے وہ انہیں ہٹانے کیلئے کچھ بھی کر گزرنے کو تیار ہیں۔

ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ وہ سیاسی قائدین جنہوں نے چند برس قبل فوج سے گندھا ملا کر مجاہدین کیخلاف آپریشنز کئے اور لوگوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کی پرواہ کئے بغیر گنجان آباد علاقوں پر چڑھ دوڑے اور عوامی املاک کا نہ بھرا جانے والا نقصان کر کے انہیں معاشی طور پر ناسور کا شکار کیا، بھی اب اس طبقے کے سخت ترین فریق بن چکے ہیں جو نبی الملاحم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث "من أعان ظالما سلّطه الله علیه" یعنی کہ 'جس نے (ظلم میں) ظالم کی مدد کی تو اس (مدد کرنے والے) پر اللہ اس (ظالم) کو مسلط کر دے گا' کا واضح مصداق بن گئے۔

مجاہدین پاکستان روزِ اول سے ایک ہی نظریہ کے تحت پاکستانی فوج اور اسکے آگے پیچھے کے تمام اسلام مخالف اداروں اور محرکات کے خلاف مسلح اور سیاسی جدوجہد میں مصروفِ عمل ہے اور پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کا یہ نظریہ ہر پاکستانی مجاہد اور تنظیم کا تھا تاہم بیچ میں امتحاناً دوریاں آئیں تھیں جس سے دشمن نے فائدہ اٹھانا چاہا اور اس سلسلے میں انہیں بدنام کرنا چاہا اور انکی اسلامیت اور جہادی کردار پر داغ لگانا چاہا، تاہم اللہ رب العزۃ کا کرنا تھا کہ یہ ایک مرتبہ پھر ایک صف میں کھڑے ہو کر ان کی ناکامی کا ثبوت اور رعب و ہیبت کی ایک تصویر بن گئے اور انہیں اپنے پچھلے زمانے میں دھکیل کر انہوں نے یہ بھی واضح کر دیا کہ وہ اس ملک کے کالے قانون اور اس پر مسلط افواج کیلئے ان کے ناپاک عزائم اور ناجائز قبضوں اور زبردستی حکومت کروانے کے سلسلے میں کس قدر بڑی رکاوٹ ہیں۔

دشمنانِ اسلام و قوم لاکھ کوششیں کریں کہ وہ ہمارے دلوں سے جہادی و اسلامی نظریہ نکالیں اور اسکے لئے وہ جتنے چاہیں ہتھکنڈے استعمال کر لیں ان شاء اللہ العزیز وہ یہ دیکھ لیں گے کہ ناکامی ان کا ہی مقدر بنے گی اور پاکستان سے ظلم و جبر اور نامراد سیاست کا یہ نظریہ ختم ہو گا اور اسلام نافذ ہو کر رہے گا اور جب تک ہماری رگوں میں خون دوڑ رہا ہے وہ اپنی سوچیں بدلیں اور آنے والے ان حالات کے بارے میں بھی سوچیں جس کی انہیں توقع نہیں ہے اور ان غیر متوقع حالات میں سے ایک وہ دیکھ بھی چکے ہیں کہ ہماری

جدائی، جدائی نہ رہی۔



کالم حرف حقیقت

از: مکرم خراسانی

دشمن سے نہیں، محافظ سے ڈر لگتا ہے

سلطان محمود غزنوی کے پاس ایک شخص ایک چکور لایا جسکا ایک پاؤں نہیں تھا، جب سلطان نے اس سے چکور کی قیمت پوچھی تو اس شخص نے اس کی قیمت بہت مہنگی بتائی۔ سلطان نے حیران ہو کر اس سے پوچھا کہ اسکا ایک پاؤں بھی نہیں ہے پھر بھی اس کی قیمت اتنی زیادہ کیوں بتا رہے ہو؟ تو وہ شخص بولا کہ جب میں چکوروں کا شکار کرنے جاتا ہوں تو یہ چکور بھی شکار پر ساتھ لے جاتا ہوں۔ وہاں جال کے ساتھ اسے باندھ لیتا ہوں تو یہ بہت عجیب سی آوازیں نکالتا ہے اور دوسرے چکوروں کو بلاتا ہے، اس کی آوازیں سن کر بہت سے چکور آجاتے ہیں اور میں انہیں پکڑ لیتا ہوں۔ سلطان محمود غزنوی نے اس چکور کی قیمت اس شخص کو دے کر چکور کو ذبح کر دیا۔ اس شخص نے پوچھا کہ اتنی قیمت دینے کے باوجود اس کو کیوں ذبح کیا؟ اس کے جواب سلطان نے تاریخی الفاظ کہے: "کہ جو دوسروں کی دلالی کیلئے اپنوں اور اپنے ہم وطنوں کو بیچتا ہے اسکا یہی انجام ہونا چاہئے، یہ ایک غدار ہے اور مجھے غداروں سے سخت نفرت ہے۔"

پاکستان کے برائے نام محافظ یعنی "پاک فوج" کی اسلام دشمنی اور گوروں کی غلامی اور ان سے وفاداری اپنی جگہ لیکن یہ پچھلی کئی دہائیوں سے اس لنگڑے چکور کا کردار ادا کر رہی ہے، اپنی ہی قوم کے باشندے، قوم کے بیٹے اور بیٹیاں پکڑ پکڑ کر امریکہ کے حوالے کرتے آرہے ہیں، امریکیوں کے کہنے پر اپنی ہی قوم پر وحشیانہ بمباری، بہیمانہ تشدد کیا اور بعض کو تو ایسے لاپتہ کیا کہ جس کی نہ مرنے کی خبر آئی نا ہی زندہ ہونے کی اور بعض تو انہی محافظین کے ہاتھوں خفیہ عقوبت خانوں میں اللہ اللہ کر کے شہید ہو گئے، اسی لیے مجھے دشمن سے نہیں بلکہ محافظ سے ڈر لگتا ہے

اسی لیے مجھے دشمن سے نہیں بلکہ محافظ سے ڈر لگتا ہے کیونکہ یہی "محافظ" مہمند ایجنسی میں اپنی ہوس کی پیاس بجھانے کیلئے گھر میں گھسنے کی کوشش پر ایک پاک دامن غیرتی عورت کے ہاتھوں مارا جاتا ہے مجھے محافظ سے ڈر لگتا ہے کیونکہ انہی محافظین نے اپنی شرم چھپانے کی خاطر اسی عزت مآب بہن کو گولیاں مار کر زخمی کر دیا۔

میں کیوں نہ ڈروں ایسے محافظین سے جو غریب عوام کے گھروں میں گھس کر ان کے مرد حضرات کو شہید اور لاپتہ کر دیتے ہیں اور پھر اسی گھر کی عورتوں پر بد معاشیاں کرتے ہیں اور بد اخلاق کے حدیں عبور کرتے ہیں وزیرستان کے علاقے خیسور میں یہی محافظ فوج اس گھر میں گھستے ہیں جس گھر کے مرد حضرات یا تو ان کے ہاتھوں شہید ہوئے ہیں یا پھر غائب کر دیئے گئے ہیں اور وہاں عورتوں کو بد فعلی کی دعوت دیتے ہیں اور انکار کی صورت میں ان پر وحشیانہ ظلم کرتے ہیں، مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے کہ ایک چھوٹی سی غلطی پر کراچی میں بینظیر پارک کے اندر سرفراز شاہ جیسے لوگوں کو گولیاں مار کر ماورائے عدالت قتل کر دیتے ہیں

مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے کہ جن کو مسجد و منبر کو حتیٰ کے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دینے پر تو کوئی اعتراض نہیں ہوتا لیکن اپنی ذات کے بارے میں گالی سنتے ہیں تو "عامر تہکال" جیسے نوجوان کو ننگا کر کے ویڈیو شائع کرتے ہیں تاکہ صرف اپنے علاقے کو ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کو پتہ چلے کہ محافظ ایسے ہوتے ہیں

مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے کہ مسجد و مدرسے کیلئے امداد دینے والوں کی تو ٹرائل کراتے ہیں مگر عاصم سلیم باجوہ کے اربوں روپے کی غیر قانونی مالیت پر انہیں داد دیتے ہیں کیونکہ ان کے خلاف بولنے پر پانچ لاکھ جرمانہ اور دو سال قید ہو سکتا ہے مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے، جو اپنا حق مانگنے والے احتجاجیوں کو بھی نہیں بخشتے شمالی وزیرستان خڑکمر میں احتجاج کرنے والے بے گناہ عوام پر گولیوں کی بارش برساتے ہیں جس میں بارہ افراد شہید ہوتے ہیں، مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے کہ ان کے خلاف ایک لفظ بھی منہ سے نکلتا ہے تو مولانا سمیع الحق اور مولانا ڈاکٹر عادل خان شہید رحمھما اللہ جیسے بلند پایہ علمائے دین کی طرح خون میں لت پت لاشیں ملتی ہیں

مجھے ڈر لگتا ہے اپنی محافظ سے جو قبائل کے غیور عوام کی بے بسی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے انہیں ایک ایک چیک پوسٹ پر گھنٹوں انتظار کرواتے ہیں اور خود انہی محافظین کی بیویوں کو ایک منٹ کا انتظار بھی گوارا نہیں، کرنل کی بیوی اور خود اس کرنل کی ویڈیو ریکارڈ بھی سوشل میڈیا کی زینت بنی رہی مگر مجال ہے کوئی ان سے پوچھے؟ مجھے ڈر لگتا ہے اپنے محافظ سے کہ سوات کے جنت نظیر علاقے کی عفت مآب بہنوں کو انہی محافظوں نے بے گھر کر کے کیمپوں میں رہنے پر مجبور کیا اور کئی گھروں کی لڑکیوں کو اسی کیمپوں سے غائب کیا گیا مجھے ڈر لگتا ہے ایسے محافظ سے جو علاقے میں ٹارگٹ کلنگ کر کے طالبان کو مورد الزام ٹھہرائے اور خود محب وطن کا ڈرامہ رچائے دندناتا پھرے، وزیرستان میں ایسا ہی ایک ٹارگٹ کلر عوام کے ہاتھوں مارا گیا جو حاضر سروس فوجی نکلا، مجھے ڈر لگتا ہے ایسے محافظ سے جس کے ہاتھوں قبائلی رہنما ملک رئیس کا قتل ہو جائے پھر ان کی نماز جنازہ کیلئے آنے والے لوگوں پر ہیلی کاپٹر میں بیٹھے ہوائی محافظوں کی شیلنگ ہوتی ہو کیوں نہ ڈروں ایسے محافظ سے جس کی وجہ سے جنازے کیلیے آنے والے دو افراد کی شہادت ہو؟

فوج کے خلاف بولنے پر جرمانہ عائد کرنا ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ یہی محافظین کالے کرتوتوں میں نمبر ون ہے، جو لوگ عزت والے ہوتے ہیں ان کیلئے قانون بنوانے کی ضرورت نہیں پڑتی، مجھے رشک ہے ان سادہ لوح عوام پر جو اسی غدار ڈالر خور فوج کو ملک کے محافظ سمجھتے ہیں اور ان کی مخالفت کرنے والوں کو ملک دشمن سمجھتے ہیں

خدارا اپنے دوست و دشمن کو پہچانئے، پیارے ملک پاکستان کے اصل دشمن یہی فوجی ہیں، یہ کرائے کی قاتل فوج اپنی ہی قوم کو قتل کرنے کے بدلے ڈالر وصول کرتے ہیں اور ملک کے حقیقی بیٹوں اور محافظین کو شہید، لاپتہ اور پابند سلاسل کرتے ہیں

اللہ پاکستان کے سادہ لوح عوام کا حامی و ناصر ہو، آمین









کالم نگاہ بلند

از: فیصل شہزاد

ڈیموکریسی، سوشلزم اور انقلاب

انقلاب فرانس نے ایک نسخہ دیا تھا، لیکن پہلے کی جگہ دوسرے سرمایہ دار آگئے، مساوات کا دور ختم ہو گیا، پھر بڑے بڑے عزت حاصل کرتے رہے، باقی سب ذلت میں پڑ گئے، اس سے ثابت ہو گیا کہ جمہوریت کا نسخہ بھی غلط تھا، آج ہندوستان میں بھی اس کے مقلد موجود ہیں اور بہت زیادہ ہیں، لیکن اس کی وجہ کیا ہے؟ یہی کہ غلامی سے ہمارے دماغ ماؤف ہو گئے اور ہم یورپ کے سامنے جھک گئے، غلامی ہماری قومیت پر ہی نہیں بلکہ دماغ پر بھی حاوی ہو گئی اور اب جمہوریت کے بدلے ہمارے سامنے سوشلزم ہے۔ ہاں یہ صحیح ہے کہ سوشلزم اس وقت سامنے آتا ہے جب انسان کے دل میں انتقامی جذبہ پیدا ہوتا ہے اور انتقامی جذبہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب انسان مجبور ہو جاتا ہے.

یہ الفاظ مولانا عبد الکلام آزاد رحمہ اللہ کے ہیں جو انھوں نے ۱۹۳۸ء میں کلکتہ میں ایک خطاب میں فرمائے تھے . ملکی حالات کے تین منظر نامے ہیں

ڈیموکریسی:

موجودہ حالات میں تبدیلی سرکار کا کپتان یا کوئی وزیر جب پریس کانفرنس یا خطاب کرتا ہے، ایسا لگتا ہے کہ گویا ملک ترقی کی طرف گامزن ہے، سب کچھ ٹھیک چل رہا ہے، یہ ہوگا، یہ ہونے والا ہے، خوابوں کی دنیا کے شہزادے، شاید خوابوں میں ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر چکے ہیں اور بعض عوام ان کے وعدوں سے ایسے لطف اندوز ہو رہے ہیں جیسے کہ یہ فوٹبال یا کرکٹ میچ کا فائنل ہے اور جیت بھی یقینی ہے، میرے خیال میں اس ملک میں یہی کھیل تماشا چل رہا ہے اور یہ جمہوریت کا حسن بھی ہے کہ ایک دوسرے کے خلاف لوگ جمع ہوتے ہیں، پلاننگ کرتے ہیں اور مدمقابل کو گرانے کی کوشش کرتے ہیں اور حکومت بنا لیتے ہیں، موجودہ حالات

ڈیموکریسی، سوشلزم اور انقلاب

میں کپتان اور اس کی ٹیم "مطمئن" ہے، آگے دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے۔

سوشلزم:

پچھلے کئی دنوں سے پاکستان کی سیاست میں کشیدگی اور پاکستان میں جاری جنگ میں تیزی پاکستانی اسٹیبلشمنٹ اور حکومت کیلئے درد سر بن گئی ہے، ایسا لگتا ہے کہ تبدیلی سرکار کے وعدے محض خواب ثابت ہو رہے ہیں اور حکومت فوج کے زیر اثر رہنے کی وجہ سے اس ملک پر بزور بازو مسلط کی گئی ہے۔ سیاسی پارٹیاں، مذہبی شخصیات، صحافی حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بوٹ سرکار مع تبدیلی سرکار کی پالیسیوں سے تنگ آچکے ہیں اور سب اپنی اپنی کوشش کر رہے ہیں کہ اس حکومت سے کسی طرح جان چھوٹ جائے، یہ ایک انتقامی سیاست بھی ہے، جو کہ سوشلزم کی بنیاد ہے۔ بہر حال چونکہ یہ حکومت اصل میں فوج کی ہے، اسلئے اس کو گرانا مشکل ضرور ہے، مگر ناممکن نہیں۔ سیاسی پارٹیوں کا حالیہ اتحاد حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے، تاہم فوج بھی اپنے مفادات کے حصول کیلئے، اس حکومت کے بچانے کیلئے قسم قسم کے حربے استعمال کر رہی ہے۔

پاکستانی عوام کی خدمت میں عرض یہ ہے کہ حالیہ صورتحال میں تبدیلی تب ممکن ہے جب جدوجہد کا رخ انقلاب کی طرف موڑ دیا جائے، اس کیلئے اگر ڈیموکریسی اور سوشلزم کے بجائے اسلامی انقلاب (جہاد و قتال) کا راستہ اختیار کیا جائے تو حقیقی تبدیلیاں آسکتی ہے، ورنہ ان مفسد نعروں سے اگر تبدیلی آبھی جائے تو اس کا فائدہ اسلئے نہیں ہوگا، کیونکہ جمہوریت کے سائے تلے سیاسی پارٹیاں ایک ہی ہدف کیلئے کام کرتی ہیں اور حکومت کے خلاف حالیہ اختلاف فقط ذاتی مفادات کیلئے ہے نہ کہ کسی عقیدے کی خاطر، یہ جنگ ذاتی مفادات کی جنگ ہے نہ کہ قومی مفادات کی بلکہ یہ ایک انتقامی سیاست ہے، اس انتقامی سیاست کیلئے جلسے جلوس اس ملک میں ایک اور باطل نظام کی بنیاد رکھیں گے جو اس ملک میں مزید تباہی پھیلائے گا، اسلئے حقیقی تبدیلی کیلئے انقلاب کی طرف آنا چاہئے، مگر انقلاب کا راستہ کیا ہے ملاحظہ کیجئے!

انقلاب:

حال ہی میں نیکٹا (نیشنل کاونٹر ٹیر ارزم اتھارٹی) نے ایک تھرڈ الرٹ جاری کیا کہ تحریک طالبان پاکستان سیاسی و مذہبی قائدین پر حملہ کر سکتی ہے، جس پر تحریک طالبان پاکستان کے ترجمان محمد خراسانی کا تردیدی بیان آیا اور انہوں نے اس الرٹ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے، یہ اس فوج اور اسٹیبلشمنٹ کی کالے سیاست کی ایک مثال ہے کہ جب بھی اس ملک میں ان کے مفادات کو خطرہ لاحق ہوتا ہے تو یہ اس نوعیت کے مختلف حربے استعمال کرتے ہیں، کبھی ٹی ٹی پی کو بدنام کر کے اپنے مفادات کا دفاع کرتے ہیں، تو کبھی میڈیا کے ذریعے پروپیگنڈے پھیلا کر، عوام کے ذہن میں شکوک و شبہات پیدا کرتے ہیں، کبھی ملک میں پیش آنے والے کسی بھی بڑے مسئلے سے عوام کی توجہ ہٹانے کیلئے ایک نیا پینڈورا باکس کھول لیتے ہیں تو کبھی خوف و دہشت پھیلانے کیلئے سڑکوں پر لاوارث لاشیں پھینک دیتے ہیں۔

مگر اب صورتحال ذرا مختلف نظر آتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ قوم میں تھوڑی سی بیداری کی لہر نظر آرہی ہے، اگر انقلاب لانا ہے تو بجائے اس کے کہ قوم اس پروپیگنڈوں کا شکار ہو جائے، قوم کو آگے بڑھنا چاہئے، موجودہ حکومت سے اپنے حقوق کا مطالبہ کرنا ایک اچھا یوٹرن ہے میرے خیال میں اور ان تمام صورتحال میں تحریک طالبان پاکستان کی پالیسی ایک انقلاب کا اشارہ دے رہی ہے، موجودہ حالات میں تحریک نے سیکیورٹی اداروں پر لگاتار حملے کر کے ملک میں اپنی قوت کا بھرپور مظاہرہ کیا، ملک میں جاری حالات کس طرف جاتے ہیں یہ تو مستقبل قریب میں پتہ چلے گا، مگر قوم کے ہاتھ میں آنے والے وقت میں تحریک طالبان پاکستان کے پلیٹ فارم سے تبدیلی لانے کا ایک اچھا موقع ضرور ہے۔ اسلامی شرعی سیاست جنگ کا ایک اہم جزء اور حصہ ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کی حالیہ پالیسی یقیناً ایک مثبت قدم ہے جس پر چلنے کی ضرورت ہے، قوم کو بھی چاہئے کہ وہ برائے نام تبدیلی اور انقلاب کے نعروں سے وقت ضائع نہ کریں اور ان حالات کا فائدہ اٹھا کر حقیقی انقلاب لانے کیلئے مجاہدین کے شانہ بشانہ کھڑے ہو جائیں، کیونکہ ستر سال سے موجودہ رائج سیاسی نظام عوام کے خون پسینے کی کمائی ہڑپ کر گئی، ذاتی مفادات کی خاطر اس ملک کے معیشت کی دھجیاں اڑادی گئیں، اس ملک میں کرپشن، بدامنی، معاشی بحران اور خودکشیاں وغیرہ روز کا معمول بن گئی ہیں، اس صورتحال سے نکلنے کا واحد حل جہاد فی سبیل اللہ ہے، جو ایک عالمگیر انقلاب ہے، اور اسی کی طرف آنے کی ضرورت ہے۔

از: فیصل شہزاد



1۔ جب جہاد کے لئے گھر سے نکلو تو اللہ کا نام لے کر نکلو

2۔ اتراتے ہوئے اور اکڑتے ہوئے نہ نکلو۔

3۔ آپس میں ایک دوسرے سے جھگڑا نہ کرو، اللہ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو ہر وقت پیش نظر رکھو۔۔۔

4۔ مقابلے کے وقت ثابت قدم رہو صبر و تحمل سے کام لو۔

5۔ عین معرکۂ قتال میں بھی اللہ کے ذکر سے غافل نہ ہو، جس کے لئے جانبازی اور سرفروشی کرنے نکلے ہو ایک لمحہ کے لئے اس سے غفلت نہ ہو۔

قال تعالیٰ:

يَاَيُّهَا الَّذِينَ أٰمَنُوآ اِذَا لَقِيتُم فِئَةً فَاثبُتُوا وَاذكُرُوا اللّٰه كَثِيرًا لَّعَلَّكُم تُفلِحُونَ [۴۵] وَ أَطِيعُوا اللّٰه وَ رَسُولَهُ وَ لَاتَنَازَعُوا فَتَفشَلُوا وَتَذهَبَ رِيحُكُم وَاصبِرُوا إِنَّ اللّٰه مَعَ الصّٰبِرِينَ [۴۶] وَلَاتَكُونُوا كَالَّذِينَ خَرَجُوا مِن دِيَارِهِم بَطَرًا وَّرِئَآءَ النَّاسِ وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللّٰه وَ اللّٰه بِمَا يَعمَلُونَ مُحِيطٌ {الأنفال: 47-45}

ترجمہ: اے ایمان والو! جب کافروں کی جماعت سے تمہارا مقابلہ ہو تو امور ذیل کو ملحوظ رکھو،

1۔ جہاد میں ثابت قدم رہو

2۔ اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرو تاکہ اس کے نام کی برکت سے تم کامیاب ہو

3۔ اور ہر امر میں اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور فرمانبرداری کو ملحوظ رکھو۔

4۔ اور آپس میں جھگڑا نہ کرو کہ اس سے تم بزدل ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا (طاقت) اکھڑ جائے گی۔

5۔ اور ان کافر لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ کہ (جو اسی واقعہ بدر میں) اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور دکھلاتے ہوئے نکلے ہیں اور لوگوں کو خدا کے راستے سے روکنا چاہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کا گھیرنے والا ہے

6۔ اپنی کثرت اور ساز و سامان پر کبھی مغرور نہ ہو اور قلّت سے کبھی گھبراؤ نہیں، ہر حال میں خداوند ذوالجلال پر اعتماد اور بھروسہ رکھو، فتح و نصرت کا مالک صرف اسی کی ذات کو جانو

کما قال تعالیٰ:

لَقَدنَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِى مَوَاطِنَ كَثِيرَةٍ وَّ يَومَ حُنَينٍ إِذأَعجَبَتكُم كَثرَتُكُم فَلَم تُغنِ عَنكُم شَيئًا وَّ ضَاقَت عَلَيكُمُ الاَرضُ بِمَا رَحُبَت ثُمَّ وَلَّيتُم مُّدبِرِينَ [۲۵] ثُمَّ أَنزَلَ اللّٰهُ سَكِينَتَه عَلَى رَسُولِه وَعَلَى المُؤمِنِينَ وَ أَنزَلَ جُنُودًا لَّم تَرَوهَا وَعَذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَ ذٰلِكَ جَزَآءُ الكٰفِرِينَ {التوبة: 26-25}

ترجمہ: تحقیق اللہ تعالیٰ نے بہت میدانوں میں تمہاری مدد کی اور حنین کے دن جب تمہاری کثرت نے تم کو خودپسندی میں مبتلا کر دیا تو تم کو تمہاری کثرت ذرّہ برابر کام نہ آئی اور زمین باوجود وسیع ہونے کے تم پر تنگ ہو گئی، پھر تم پشت پھیر کر بھاگ پڑے، اللہ تعالیٰ نے اپنی سکینت اور طمانیت کو اتارا اپنے رسول پر اور ایمان والوں پر اور ایسے لشکر اتارے جن کو تم نہیں دیکھتے تھے اور کافروں



کو سزا دی اور یہی سزا ہے کافروں کی۔

7۔ جب سوار ہونے لگو تو اللہ کی نعمت کو یاد کرو کہ اس نے تمہاری آسائش کے لئے یہ سامان سفر پیدا فرمایا اور یہ پڑھو:

سُبحٰن الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَاهذَا وَ مَا کُنَّا لَه مُقرِنِینَ [۱۳] وَ إِنَّآ إِلی رَبِّنَا لَمُنقَلِبُونَ [۱۴] {الزخرف}

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے ان جانوروں کو ہماری سواری کے لئے تابع کر دیا ورنہ ہم میں اس کی طاقت نہ تھی اور تحقیق ہم سب اللہ کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

8۔ جب کسی بلندی پر چڑھو تو خداوند ذوالجلال کی عظمت و کبریائی کا خیال کر کے ”اللہ اکبر“ کہو اور جب پستی اور نشیب کی طرف اترو تو ”سُبحان اللہ“ کہو، کہ وہ ہر پستی سے پاک اور منزہ ہے۔

9۔ اللہ اگر اپنے فضل سے فتح و ظفر نصیب فرمائے تو امیر لشکر کو چاہئے کہ مجاہدین کی صفیں قائم کر کے ان الفاظ میں اللہ کا شکر اور اس کی حمد و ثناء کرے اور تمام لشکر آمین کہے۔

أللهم لک الحمد کله لا قابضَ لما بسطتَّ ولا باسطَ لما قبضتَ ولا هاديَ لمن أضللتَ ولا مضلَّ لمن هديتَ ولا معطيَ لما منعتَ ولا مانعَ لما اعطيتَ ولا مقربَ لما باعدتَّ ولا مباعدَ لما قربتَ اللهم أبسطْ علينا من برکاتِک و رحمتِک و فضلِک و رزقِک {رواه النسائی وابن حبان}

10۔ فتح و نصرت کے بعد بطور فخریہ نہ کہو کہ ہم نے فتح حاصل کی بلکہ اللہ کی طرف منسوب کرو کہ اس نے محض اپنے فضل اور رحمت سے ہم کو فتح دی۔

چنانچہ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جہاد سے واپس ہوتے تو یہ کلماتِ توحید آپ کی زبان پر ہوتے:

لاَ إله إلَّا اللَّه وَحدَہ لَاشَریکَ لَه، لَهُ المُلکُ وَلَه الحَمدُ وَهوَعَلىٰ کُلِّ شَئٍ قَدِیر، أٰئِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُون سَاجِدُونَ سَائِحُونَ لِرَبّنا حَامِدُونَ صَدَقَ اللَّه وَعده وَنصر عبدَه وَهزم الاحزاب وَحده۔

{بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی}

11۔ کتا، گھنٹا اور باجا ہمراہ نہ ہو، جس قافلے میں یہ چیزیں ہوتی ہیں (اس قافلے میں) فرشتے ان کے ہمراہ نہیں ہوتے۔ {رواہ مسلم عن ابی هریرة}

یعنی عیش و طرب کا کوئی سامان ساتھ نہ ہو۔

ناظرین کرام!

غور فرمائیں کہ اسلامی جہاد کی یہ شان ہے کہ دیکھنے میں مجاہدین کا لشکر ہے اور در پردہ نُورا السَّمٰوٰتِ وَالاَرض کے عاشقوں کا ایک گروہ جا رہا ہے۔

دورِ حاضر کا میڈیا اور علماء!

ابو محمد قریشی

چونکہ میڈیا کا دور دورہ ہے اور ہر کوئی اسے اپنے دین و دنیا میں پیش رفت اور اپنی کامیابی کیلئے 70 سے 95 فیصد تک لازمی حصہ قرار دے رہا ہے، تو جہاں رجالِ دنیا نوجوانوں کی زندگیاں برباد کرنے میں اس سے کام لے رہے ہیں اور معاشی طور پر خود کو اسی ذریعے سے مضبوط کر رہے ہیں تو علمائے کرام اس آلۂ کار کے استعمال سے کیوں کر پیچھو رہیں؟ اگرچہ مسئلہ مختلَف فیہ ہے لیکن آج کل زیادہ رجحان جواز کی جانب ہے تو علمائے کرام دین کی دعوت بھی اسی راستے دے رہے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل میں نے ایک معروف عالمِ دین کی ویڈیو کلپ دیکھی جس میں ان سے سوال ہوا تھا "کہ ویڈیو بنوانا تو ناجائز ہے، آپ کیوں ویڈیو بیانات دیتے ہیں؟ صاحب نے تفصیلی جواب ارشاد فرمایا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ کفری مملکتوں میں بیٹھے مسلمان اگر اسی ویڈیو کے ذریعے گمراہ کئے جا رہے ہیں اور ہمارے بیانات سے ان کا ایمان بچ سکتا ہے تو کیا حرج کہ میں اس نیت سے ایک ویڈیو بیان ریکارڈ کراؤں اور یہ اس تک پہنچ جائے؟

تمہیدی باتوں کو طول نہ دیتے ہوئے میں اپنے مقصد کی طرف آؤں گا اور وہ یہ کہ میں اپنے علمائے کرام کی عرض میں التجاء کرنے لگا ہوں کہ وہ اس لاپرواہ اور بے جا آزاد گفتگو کے عادی میڈیا سے دور رہنے کی کوشش کریں۔ نبی المعلِّم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث "اتقوا مواضع التهم" کے پیشِ نظر آپ لوگوں کو اس بے پردہ میڈیا سے دور رہنا چاہیے، اسکی کئی وجوہات ہیں۔

* ایک تو اس کے اینکرز آپکو عزت دینے کیلئے قطعا نہیں بلاتے اور جہاں عزت نہ وہاں جانا شرعاً درست نہیں
* دوم یہ کہ آپ سے ایسے سوالات کرتے ہیں جس کے صحیح جواب پر بھی کم از کم ایک تہائی عوام آپ سے خفا ہوں گے، بے جا سوال کرنا اور اس میں الجھ کر اس کے جوابات تلاشنا بھی شرعاً ممنوع ہے
* سوم یہ کہ یہاں بلا عذر سر و چہرہ کھلا رکھنے والی خاتون آپکے سامنے بٹھائی جاتی ہے جس سے آپ کا وقار جاتا رہتا ہے، اور یہ عمل قرآن مجید کی صرح آیت کے بھی مخالف ہے
* چہارم یہ کہ اس سے آپکی شخصیت کو ان لوگوں سے ملانے کی کوشش کی جاتی ہے جو شرعی لحاظ سے انتہائی پنچ ہیں جو "وضع الشئ علیٰ غیر موضعہ" ہے جو کہ ظلم ہے اور یہ حدیث "أنزلوا الناس منازلهم" کے بھی مخالف ہے
* پنجم یہ کہ یہ مجرّب ہے کہ عوام ٹی وی پر بیٹھے عالم کے فتاواجات سے بیزار نظر آتے ہیں (کسی ایسے عالم کا نام لینا شاید مناسب نہ ہو) جس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ آپ کے فتاواجات بھی نظر انداز کر دیئے جائیں گے۔



اساتذۂ محترمین!

کیا آپ یہ محسوس کر سکتے ہیں کہ ملک میں چلتے پھرتے مجسّم گناہ جب آپ کا نام بے وقعتی سے لیتے نظر آتے ہیں، جب وہ آپ کو درباری جیسے القاب دیتے ہیں، جب وہ آپ کو چاپلوس کے طور پر معرّف کروانے کی کوشش کرتے ہیں، جب وہ آپ کے جامعے کو بد زبانی سے یاد کرتے ہیں اور جب وہ آپکو ذاتی تنقیدات کا نشانہ بناتے ہیں تو آپکے شاگردوں پر کیا گزرتی ہے؟ کیا آپ اپنے سب سے لائق و مطیع شاگرد سے پوچھ لیں گے (جو کہ اسلاف کا وطیرہ رہا ہے) کہ میرے فلاں عمل پر لوگوں کا کیا ردِّعمل تھا؟ اگر میں آپکو ان شاگردوں کا درد محسوس کرواؤں جو آپ کے اس عمل کی وجہ سے انہوں نے محسوس کیا ہے تو کیا آپ اسے ترک کر لیں گے؟ آپ کو ترک کرنا ہو گا۔

ایک تو سیاسی علماء ہیں، ان کا تو ان میڈیا چینلز اور اینکرز کے علاوہ گزارہ ناممکن ہے اور وہ جب تک اس سیاست میں ہیں تب تک ان چینلز پر ان اینکرز کے سامنے اٹھنا بیٹھنا ان کا معمول رہے گا، بلکہ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ ان کی روزمرہ زندگی کا ایک حصہ بن چکا ہے، اللہ ان پر بھی رحم فرمائے۔ میں ان علمائے کرام کی بات کر رہا ہوں جن کا تعلق کسی بھی سیاسی پارٹی سے نہیں ہے اور وہ کسی دینی جامعے یا جماعت سے وابستہ ہیں اور گندگی کی اس چکی میں دھوکہ دہی سے پِسے جا رہے ہیں، انہیں ہوش میں رہنا ہو گا کہ کہیں اوپر ذکر کئے گئے منفی نکات میں وہ کسی کی زد میں تو نہیں آ رہے؟ اگر آ رہے ہیں تو کیا وجہ ہے کہ وہ اتنے علم اور ایسی شخصیت کے باوجود بھی عوام کو اپنا مخالف بنانے پر تل گئے ہیں؟ کیا آپ دوران درس ہیں یہ نہیں فرماتے کہ پہلے عوام کے دلوں پر راج کرو تب انہیں راہ راست پر لا سکتے ہو۔ اب ایک تبلیغی یا مدرس عالم ایسے مسائل میں جانبداری کرنے لگیں جس میں پہلے سے ہی ملک کے باسی دو ٹکڑے ہو چکے ہیں تو وہ حمایت کہاں سے پیدا کریں گے اور کیا اس وجہ سے ان کے کم از کم آدھے فرمانبردار ان کی طرف عدم التفات نہیں کریں گے؟ ہرگز کریں گے۔

ایک اہم گزارش یہ ہے کہ ملک میں فوجی اور انتقامی دور چل رہا ہے، کہیں کرپشن کا کیس ہے تو کہیں چوری ڈکیتی اور کہیں دفعات کی خلاف ورزی کا تو کہیں زبان و قلم کے تیز استعمال کرنے کا کیس چل رہا ہے۔ یہ سب معاملات جمہوری سیاست کا حسن ہیں جس کا مزہ جمہوریوں کو ہی چکھنا پڑ رہا ہے، ان معاملات میں کسی کی گرفتاری پر ایکشن لینا اور اسے شریعت مطہرہ کے ترازو پر تولنا کہیں کہیں بے جا ہو جاتا ہے۔ یہ ضروری تو نہیں کہ آپ ہر مسئلے میں اپنی دلیل پیش کریں اور فریقین میں سے کسی کو ظالم اور کسی کو مظلوم پیش کریں بلکہ دورِ حاضر میں یہ دیکھنا لازمی ہے کہ اس مسئلے کے بیان سے جو فتنہ برپا ہو گا اور اس سے علمائے عظام کی کتنی بے توقیری ہو گی تو میرے خیال سے خاموشی اختیار کرنا درست ہو گی۔ یہاں حطیم کا مسئلہ یاد رہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ تھا کہ اسے خانہ کعبہ کی تعمیر میں داخل کریں لیکن وہ قوم میں اٹھنے والے فتنے کی وجہ سے خاموش رہے، اور دوسری بات یہ کہ ویسے بھی آپ نے بڑے بڑے اور صریح معاملات پر سکوت اختیار کیا ہے تو یہاں بھی سکوت سے کام لینا شاید آسان اور فائدہ مند ہو۔

اگر آپ نے حکومتی پالیسیوں کی مخالفت کرنی ہی ہے اور آپ کو یہ بھی معلوم ہے کہ یہ بزورِ بازو ماننے والے لوگ ہیں، زبان کا ان پر کوئی اثر نہیں ہوتا تو اسے عملی جامہ پہنانے کیلئے آپ کے خاموش الفاظ ہی کافی ہوں گے ان شاء اللہ۔

یہ گزارشات ٹی وی پر آنے والے علمائے کرام کیلئے ہیں، میڈیا کے ذریعے دعوت دینا اور اپنا مؤقف ظاہر کرنے کا مسئلہ اس سے ہٹ کر ہے۔

ہم اللہ رب العزۃ سے دعا گو ہیں کہ اللہ ہمارے سروں پر علمائے حق کا سایہ ہمیشہ قائم و دائم رکھے اور اللہ انہیں ہر شر سے محفوظ رکھے۔ آمین



ڈیورنڈ لائن تک پہنچنے کیلئے فوج نے قبائل میں کیا کیا؟

علی محسود

پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی علاقے میں آباد پشتون قبائل صدیوں سے اپنے آباء واجداد کے رسم و رواج اور اسلامی اقدار پر سختی سے قائم رہے ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ آج تک کوئی بیرونی حملہ آور اس خطے کو اپنی تسلط میں نہیں لا سکا۔ آزاد فطرت، محنتی و جفاکش، غیرت و بہادری کے پیکر ان آزاد قبائل کو فرنگیوں کے افغانستان پر قبضہ کی روک تھام کی فکر میں افغان بادشاہ امیر عبد الرحمٰن نے ڈیورنڈ معاہدے کے تحت قبائل کو دو حصوں میں تقسیم کیا، حالانکہ افغانستان کی سرحد دریائے سندھ کے کناروں تک تھی مگر پھر بھی یہ معاہدہ قبائلی خطے کے وسط میں خط کھینچ کر کیا گیا اور اس سلسلے میں قبائل سے مشاورت بھی نہیں کی گئی تھی۔ یوں ان قبائل نے کئی دہائیوں تک معاہدے کو تسلیم نہ کرتے ہوئے فرنگیوں کے خلاف جنگیں لڑیں لیکن بالآخر قبائل دو حصوں میں تقسیم ہوگئے، ایک حصہ افغانستان اور دوسرا حصہ فرنگی ہندوستان کی طرف آگیا۔ یہ معاہدہ سو سال کیلئے ہوا تھا جو کب کا پورا ہو چکا ہے۔

فرنگیوں نے ان قبائل کی مسلسل جنگوں سے تنگ آکر ان کی آزاد حیثیت کو تسلیم کیا اور فیصلہ یہ ہوا کہ آزاد قبائلی خطے کے لوگ دو مما لک افغانستان اور ہندوستان میں آزاد ہونگے۔ اور یہ لائن چونکہ بین الاقوامی سرحد نہیں اس لئے دونوں مما لک کے پاس اس سرحد کے بند کرنے کا اختیار نہیں ہوگا اور یہ لوگ بغیر ویزے پاسپورٹ کے دونوں مما لک میں صحت، تعلیم اور روزگار کے لئے آجا سکیں گے۔ محمد علی جناح نے بھی پاکستان کی پہلے قانون ساز اسمبلی میں اعلان کرتے ہوئے ان کی اس آزاد حیثیت کو تسلیم کیا تھا۔

قبائلی علاقوں میں دہشت گردی کے خلاف نام نہاد جنگوں اور فوجی یلغاروں میں ریاست پاکستان ایک تو صف اول کی اتحادی بنی اور دوم اس بہانے امریکہ سے ڈالرز کے حصول کے سلسلے میں ایک اور راستہ کھل گیا لیکن ایک دیرینہ اور اہم ہدف "ڈیورنڈ لائن تک رسائی" کیلئے بھی راہ ہموار ہوگئی۔ ان فوجی یلغاروں کے دوران جس میں پاکستان کا اہم مقصد اس لائن تک رسائی تھی، لاکھوں لوگ بے گھر اور ہزاروں شہید و معذور اور لاتعداد گرفتار اور لاپتہ ہوئے۔ ان لاپتہ اور قیدیوں کو وقتاً فوقتاً جعلی مقابلوں میں بھی شہید کیا جاتا رہا اور شدید ظلم و وحشیانہ تشدد کے دوران عقوبت خانوں میں بھی شہید ہوئے۔ بیرونی آقاؤں اور غیر کو خوش کرنے کی خاطر ہوئے ان آپریشنز میں قبائلی معاشرت درہم برہم اور معیشت تباہ و برباد کر دی گئی، گھروں میں سے قیمتی سامان لوٹ کر انہیں جلایا اور مسمار کیا گیا، قدرتی دولت سے مالا مال اس خطے کے نادر معدنیات پر قبضہ کر لیا گیا، قیمتی جنگلات کو توپ خانوں، مارٹر اور بمباری کر کے راکھ کر دیا گیا، قیمتی درختوں کی لکڑیوں سے بھرے ٹرک پنجاب سمگل کر کے وہاں جرنیلوں اور کرنلوں کے گھروں کی فرنیچر بنائے گئے۔ یہ سب کچھ کرتے وقت میڈیا پر یہاں آنے کی پابندی لگائی گئی اور روزانہ کی بنیاد پر جٹ طیارے مساجد و مدارس اور عام شہریوں کے خالی گھروں پر بمباری کرتے، بعض گھروں میں ابھی لوگ موجود ہوتے کہ بمباری کر دیتے، ملبے میں دبے بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کی لاشیں نکلتیں لیکن ہر رپورٹ میں درجنوں "دہشت گردوں" کے مارے جانے کا دعوا ہوتا حالانکہ ان میں ایک بھی مجاہد موجود نہ ہوتا۔

آپ کے علم میں ہونا چاہئے کہ پاکستان کے تمام شہری اور دیہی علاقوں حتیٰ کہ اسلام آباد جیسے شہر تک میں اسلحہ موجود ہے، مگر یہاں قبائل میں فوج نے اپنے خوف کو دور کرنے اور ناجائز اطمئنان حاصل کرنے کیلئے تمام قبائلیوں سے اسلحہ چھین لیا اور یہ وہ اسلحہ تھا جسے قبائل کھانے پینے کے بعد اپنی زندگی کا سب سے لازمی جز اور ضروری زیور سمجھتے ہیں، گویا کہ فوج نے ان سے زندہ رہنے کا حق چھین اور یہ سب صرف اپنی رٹ قائم کرنے، بے جا دباؤ بڑھانے اور اسلئے کہ قبائل میں کسی بھی قسم کی مزاحمت کی سکت اور رد عمل کی گنجائش باقی نہ رہے۔ یلغاروں کے دوران جس بھی پہاڑی چوٹی یا علاقے پر قابض افواج کا قبضہ ہوتا تو وہاں فوراً پاکستانی پرچم لہراتے اور ہر دیوار پینٹ کراتے رہے جو اس بات کا واضح ثبوت دیتا رہا کہ کسی غیر کے علاقے پہ قبضہ جما کر اسے

علی محسود

پاکستان کا حصہ بنایا جارہا ہے، جب ان کی پہنچ ڈیورنڈ لائن تک ہوئی تو جان بوجھ کر افغانستان کے ساتھ سرحد پر کشیدگی بڑھائی، سرحد بند کرنے کا جواز بنایا اور پھر منافقت کی اسی پالیسی کے تحت سرحد پار کرنے کو ویزے اور پاسپورٹ سے مشروط کیا گیا اور سرحد پر باڑ لگا کر "تکمیل پاکستان" کے اس مرحلے پہ خود کو دھوکہ دیا۔ چونکہ افواج پاکستان، پاکستان کے سیاہ و سفید کے مالک ہیں اور خود کو پاکستان کا اصل ذمہ دار سمجھتے ہیں اس لئے پاکستان کی اس نامکمل ریاست کی تکمیل کی ذمہ داری بھی انہوں نے اپنے اوپر ڈالی ہے۔ یقیناً کچھ کفار کے مقاصد ہیں جنہیں افواج ظاہراً اپنے مقاصد بتاتے ہیں، درحقیقت تکمیل پاکستان اور ڈیورنڈ لائن تک پہنچنا انکا بنیادی مقصد تھا اور یہ ایک مشکل مرحلہ تھا جسے پاکستانی فوج کے ذریعے پار کرایا گیا۔ ریاستِ پاکستان نے ہمیشہ سے قبائل کو اپنے "بے تنخواہ چوکیدار" کہہ کر دھوکے میں رکھا جبکہ حقیقت میں آزاد قبائل اپنے خطے کا دفاع پاکستان اور افغانستان دونوں اطراف سے کرتے رہے ہیں، پاکستان ایک نامکمل ریاست ہے اور اس کے سرحدات لائن آف کنٹرول اور ڈیورنڈ لائن بین الاقوامی تسلیم شدہ سرحدیں نہیں ہیں۔ جس طرح کہ کشمیر، شمالی علاقہ جات، گلگت بلتستان اور آزاد قبائلی علاقے پاکستان کا باقاعدہ حصہ نہیں اس لئے افواجِ پاکستان نے قبائل پر فوجی یلغاروں کے ذریعے قبضہ کرنے کی کوشش کی، اور جس طرح انڈیا نے کشمیر کی حیثیت کو ختم کر کے انڈیا میں ضم کیا اسی طرح انہوں نے قبائلی علاقوں کو پاکستان بنانے کی کوشش کے سلسلے میں خیبر پختونخوا میں ضم کرنے کی ایک مہلک چال چلی

اب قبائلی علاقوں کی موجودہ صورتحال پر نظر ڈالیں تو چونکہ افواج پاکستان نے علاقے کو مجاہدین سے کلیئر کرنے کا دعویٰ کر رکھا ہے اور عوام کو اپنے اپنے علاقوں میں واپس لانے کا سلسلہ شروع کیا، اس دوران پورے قبائلی خطے کو اپنے ناجائز اور ظالمانہ کنٹرول میں رکھتے ہوئے ان کو ایک مشکل مرحلے سے گزارتے ہوئے شناختی کارڈ کے باوجود وطن کارڈ کے نام پر ایک اور کارڈ تھما دیا، انہیں ہر طرح سے پابندیوں میں جکڑ لیا گیا، فوج گھر کے افراد کی لسٹ لیتی ہے اور بار بار معلومات کرنے پہنچ جاتی ہے کہ کسی کے گھر کوئی مہمان تو نہیں آیا؟

اگر کوئی مہمان آنا چاہتا ہے تو فوج کو اسکی اطلاع دینا لازم ہوتی ہے، طالبان اور فوج کے درمیان جنگ کے دوران فوج نے اپنی پروٹیکشن کے لئے انکے مورچوں کی طرف جانے والے تمام راستوں میں پریشر مائن پلانٹ کئے یوں اکثر علاقے لینڈ مائنز سے بھرے پڑے ہیں اور اب انہیں یونہی چھوڑ دیا گیا جس سے آئے روز خواتین، بچے، بوڑھے، جوان اور مویشی معذور ہو رہے ہیں قبائلی علاقوں کے توسط سے پاکستانی فوج نے کئی طرح کے



تجارت کئے اور مشرف تا قمر باجوہ ہر آرمی چیف کا اس میں اپنا قابلِ ذکر حصہ رہا، چونکہ قبائل کے خلاف آپریشنز کا حکم امریکی دیتے اور ساتھ ہی ان آپریشنز پر ہونے والے عسکری خرچے کی ذمہ داری بھی وہی ادا کرتے، کبھی کیری لوگل بل اور کبھی دیگر ناموں سے افواج نے بھاری مقدار میں ڈالرز وصول کئے، قبائلیوں کی بے دخلی پر وصولی کی، متاثرین کے ساتھ امداد کے نام پر پھر سے ڈالرز آنے لگے اور آخری مرحلے میں قبائلی علاقوں کی دوبارہ آباد کاری کے نام پر بھاری مقدار میں پاکستانی حکمرانوں اور خصوصاً افواج نے ڈالرز سے تجوریاں بھر لیں جس کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔ قبائل کی دوبارہ آباد کاری کے نام پر فوج نے ایک آدھ پارک، چند سنگل روڈز اور انہی کے ہاتھوں تباہ شدہ چند سکولوں کی عمارتیں خود ہی ٹھیکہ دار بن کر لوٹ لئے، عوام شدید ذہنی دباؤ اور اپنے گھروں میں محصور ہو کر زندگی گزار رہے ہیں۔ فوج نے اس دوران عوام کی آنکھوں میں کئی مرتبہ یہ دھول جھونکنے کی کوشش کی "دہشتگردوں کا صفایا ہو چکا ہے" "دہشتگردوں کی کمر ٹوٹ چکی ہے" "علاقہ کلیئر ہے" "حالات کنٹرول میں ہیں" لیکن طالبان نے اللہ رب العزۃ کے حکم کہ (اگر تم پر جنگ مسلط کر دی جائے تو تم بھی لڑو اور اللہ تمہارے مدد پہ قادر ہے) اور اس کی مدد سے اس قابض اور قاتل و ظالم فوج کو آج تک مسلسل اپنے نشانے پہ رکھا ہوا ہے اور بڑی نزاکت کے ساتھ ان سے قبائلی علاقوں سمیت ملک بھر میں پچھلے اور حالیہ ظلم کا انتقام لے رہے ہیں۔

خود کو بچانے کیلئے فوج نے ان دس سالوں میں مختلف ہتھکنڈے استعمال کئے، آپریشنز کے دوران اندھا دھند بمباری کر کے، لوگوں کو گرفتار اور لاپتہ کر کے، دباؤ بڑھا کر خود کو مستحکم ثابت کر کے، کچھ لوگوں کو ورغلا کر امن لشکر کا قیام کر کے اور میڈیا کو استعمال کر کے، لیکن بحمد اللہ جتنی کوشش انہوں نے خود کو صاف کرنے کیلئے کی، اتنے ہی یہ عوام کی نظروں میں گرتے رہے اور وہی میڈیا جو ان کیلئے استعمال ہوتا تھا آج ان میں سے بھی کچھ ان کے خلاف بولنے لگے ہیں اور یہ سب ان کا اپنے منفی رویے کی وجہ سے ہوا ہے۔ لیکن یہ سلطنت کے نشے میں اتنے آگے جا چکے ہیں کہ آج بھی مجاہدین کے کسی حملے کے بعد بلا تفریق نوجوانوں کو گرفتار کر کے تشدد کرتے ہیں اور علاقے کو سیل کر دیتے ہیں جو دنیا کے کسی بھی قانون میں ہے لیکن ان کا خود کو منوانے کا نشہ نہیں اترا اور یہی وجہ ہے کہ تمام قبائلی ان کے خلاف ہیں اور دوسری جانب مجاہدینِ تحریک طالبان پاکستان بھی ان کے خلاف کسی بھی منفی پروپیگنڈے کے متاثر نہیں اور وہ آخری دم تک انہیں ان کے انجام بد تک پہنچانے کیلئے کوشاں رہیں گے ان شاء اللہ

اللہ مجاہدین کا حامی و ناصر ہو اور اللہ قبائلی علاقوں سمیت تمام مسلمانوں پر جاری ظلم کا سدِ باب کرے اور ہمیں ملک پاکستان میں شرعی نظام کی بہاریں دکھائے "آمین"

مدارس کا کردار اور درپیش خطرات ومشکلات



آخری قسط

مدارس کے قیام کا مقصدِ اصلی مسلمانوں کی دینی ضرورت کی تکمیل ہے، مدارس کے قیام کا مقصد کبھی بھی یہ نہیں رہا کہ مسلمانوں کو دنیوی فراوانی و خوشحالی کے اسباب مہیا کئے جائیں، انہیں انجینئر، ڈاکٹر یا سائنس دان بنایا جایا، انہیں جدید معاشیات میں سودی لین دین کے اتار چڑھاؤ سے واقف کیا جائے، انہیں سٹاک ایکس چینج میں جاری جوئے اور سٹے کے کاروبار میں ماہر بنایا جائے۔ اس لئے جو لوگ مدارس سے اس قسم کی امیدیں رکھتے ہیں یا مطالبہ کرتے ہیں وہ مدارس کے قیام کے مقاصد سے ناواقف ہیں، انہوں نے کبھی یہ نہ سوچا کہ مدارس کے ساتھ اگر ایسا معاملہ کیا جائے تو مدارس سنگین خطرات سے دوچار ہو سکتے ہیں اور ہماری آنے والی نسل زندگی کے اصل مقصد سے بے بہرہ ہو جائے گی، مشرقی (اسلامی) تہذیب کے بجائے مغربی تہذیب میں رنگ جائے گی، اور مادر پدر آزاد کلچر کو ترقی اور روشن خیالی سمجھ کر اپنائے گی اور اسلامی رسم ورواج اور آداب سے دور ہو جائے گی۔

یہاں ایک سوال ذہنوں میں ابھرتا ہے کہ آخر دینی مدارس کو عصری تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی سے اتنی عداوت کیوں ہے؟ انہیں وہ "شجرۂ ممنوعہ" کیوں سمجھتے ہیں کہ اس بارے میں سوچنے کے لیے بھی تیار نہیں؟

اس سوال کے حل کے لئے ہم نے سابق میں واضح جوابات دیئے ہیں، مگر ایک انتہائی قابلِ قدر اور ذی استعداد مجاہد ساتھی مجھ سے ملے، انہوں نے مجلہ "طالبان" میں میرا مضمون پڑھا تھا، مجموعی اعتبار سے انہوں نے مضمون کی تائید کی، البتہ مدارس میں عصری تعلیم اور جدید ٹیکنالوجی کے عدم وجود اور عدم دخول سے متعلق میری سابقہ گذارشات سے انہیں تشفی نہ تھی، اس لئے میں نے ضرورت محسوس کی کہ اسے مزید منقح و مشرّح کیا جائے، تاکہ ان سمیت اوروں کے اشکالات بھی دور ہو جائیں، لہذا اس کے حل کے لیے چند باتیں بطورِ تمہید ضروری ہیں:

پہلی بات تو یہ کہ کسی بھی ادارے پر تبصرہ یا تنقید کرنے سے پہلے یہ دیکھنا لازمی ہے کہ اس ادارے کے مقاصد کیا ہیں اور کن اہداف کے حصول کے لئے اس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟ دوسری بات یہ کہ اس ادارے کے اہداف و مقاصد کتنی اہمیت کے حامل ہیں اور قوم وملت کے لئے وہ اہداف کتنے ناگزیر اور سودمند ہیں؟ تیسری یہ کہ اس ادارے کو اپنے مقاصد کے حصول میں کتنی کامیابی ملی اور اس کے قیام سے لیکر اب تک اس کی کارکردگی کیا رہی؟

یہ وہ اُمور ہیں جو انتہائی اہم وضروری ہیں، انہیں نظر انداز کرکے کسی ادارے پر تبصرہ یا تنقید کرنا میرے خیال میں حقائق سے چشم پوشی کے سوا کچھ نہیں، ان امور کو نظر انداز کرکے تبصرہ یا نقد کرنے والا شخص مبصّر ونقّاد ہونے کے بجائے اس ادارے کا بدخواہ ہی متصور ہوگا۔

گرامی قدر قارئین!

دینی مدارس کے اہداف و مقاصد ہم نے سابقہ مضمون میں تفصیل کے ساتھ بیان کئے ہیں اور ان کی اہمیت بھی واضح کی ہے، لیکن مزید وضاحت کے لئے "ماہنامہ الحق اکتوبر 2013ء" کے ایک اقتباس کو (جو تخصص فی الفقہ الاسلامی سے متعلق ہے) قارئین کے سامنے رکھتا ہوں:

دینی مدارس اسلام کے قلعے ہیں جو دین کے ہر شعبے میں دین متین کی خدمات میں مصروف ہیں اور چونکہ ان کا سِرا جاکر سینہ نبوت سے جاملتا ہے، اس

لئے کہ ان کی تمام ذمہ داریوں اور فرائض، تعلیم و تعلّم، تدریس و تصنیف، دعوت و تبلیغ کیلئے بے پناہ صلاحیت و استعداد، اساتذۂ فن کی صحبت و تربیت، طلبِ علم کی راہ میں جانکاہی، جگر سوزی، تقویٰ و تدیّن، ربط و استناد کی ضرورت ہے، جس کے بغیر یہ فریضۂ وراثت ادا نہیں ہوسکتا۔ مگر ان تمام ذمہ داریوں میں پل صراط پر چلنے جیسی نازک ذمہ داری قضاء و افتاء کی ہے جس کی شرائط و صفات اتنی ہی نازک، حساس اور عمیق ہیں، صرف ذکاوت و ذہانت اور وسعت مطالعہ نہیں بلکہ علماء راسخین کا رسوخ، تبحرِ علمی، کتاب و سنت کے وسیع متنوع قدیم و جدید ذخیروں پر عبور تغیرات و تبدلات زمانہ سے آگاہی اور ہر لمحہ پیدا ہونے والے تہذیبی، معاشرتی اور سماجی و عرفی حالات اور عہد جدید کے پیدا کردہ مسائل اور چیمپئں ل سے واقفیت، پھر سائل اور مستفتی کے سوال اور ماخذ شریعت کے نصوص تک پہنچنے کی صلاحیت لازمی ہے جسے فقہ کی ایک تعریف میں "فہم غرض المتکلم" سے تعبیر کیا گیا ہے اور حدیث میں جسے "خیر" کا ایک عظیم سرمایہ قرار دیا گیا ہے:

"من یرد اللہ بہ خیراً یفقہہ فی الدین" (الحدیث)

گرامی قدر قارئین!

ہمارے اکابر جب دینی مدارس کی بنیاد رکھ رہے تھے تو ان کے یہاں مقصود یہ تھا کہ مدارس کی چہار دیواریوں میں اُمت کے سعادت مند نونہالوں کو اسلامی تعلیم و تربیت سے آراستہ کیا جائے گا، انہیں اس قابل بنادیا جائے کہ وہ "مادیت" کی تیز و تند آندھیوں میں "روحانیت" کے چراغ روشن رکھ سکیں، سادہ اور قناعت کی زندگی اپنا کر دین کی سربلندی اور گلشن محمدی کی آبیاری کے لئے اپنے آپ کو وقف کردیں۔ قیامِ مدارس ہرگز اس لئے عمل میں نہیں لایا گیا تھا کہ اُن سے مادی فوائد حاصل کرکے دنیوی خوشحالی حاصل کی جائے۔ چنانچہ اسی مقصد کو واضح کرتے ہوئے بانیٔ دارالعلوم دیوبند حضرت مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ نے فرمایا تھا:

""ہم نے مدرسہ مُلا، مولوی تیار کرنے کے لئے قائم کیا ہے، جدید علوم کے لئے تو اور بہت سے دنیاوی ادارے ہیں"۔ اور حضرت مولانا شیخ سلیم اللہ خان صاحب رحمہ اللہ (سابق صدر وفاق المدارس العربیہ) اس جیسے مطالبے کے وقت فرمایا کرتے تھے: "مجھے خالص ملوانڑے بنانا ہے" ڈاکٹر، انجینئر وغیرہ نہیں۔

قیامِ مدارس کا واضح بنیادی مقصد مسلمانوں کے ایمان و عقیدے کی حفاظت، اسلامی شعائر کا تحفظ، علوم اسلامیہ کی ترویج و اشاعت، پیغامِ مصطفیٰ کی دعوت و تبلیغ، مسلمانوں میں رائج بدعات و خرافات کا قلع قمع اور ہر نئے فتنے کا تعاقب کرنا ہے۔ اگر ہم خلاصے کے طور پر دینی مدارس کے قیام کا مقصدِ اصلی بیان کرنا چاہیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ "دینی مدارس کے قیام کا مقصدِ اصلی مسلمانوں کی دینی ضرورت کی تکمیل ہے"۔ اس بنیادی مقصد کی اہمیت وہ لوگ جانتے ہیں جو اندرونِ سندھ، پنجاب کے دور دراز دیہات، چین اور روس وغیرہ ممالک میں تبلیغی اسفار کرچکے ہوں، جہاں مسلمان کہلانے کے باوجود لوگوں کو کلمہ پڑھنا نہیں آتا، جہاں مسجدیں ویران پڑی ہوتی ہیں، جہاں تبلیغی جماعت والوں سے لوگ مرنے سے پہلے اپنی نمازِ جنازہ پڑھوانے کی درخواست کرتے ہیں کہ وہاں سے جماعت جانے کے بعد کوئی نمازِ جنازہ پڑھانے والا نہیں ملتا۔ لہٰذا اس بنیادی مقصد کو چھوڑ کر عصری علوم وفنون میں لگنا ایسا ہے جیسے ایک شخص اپنے اہلِ خانہ کے لئے بنیادی ضروریات ٹھیک سے فراہم نہیں کرسکتا، کرایہ نہ ہونے کی وجہ سے پیدل فیکٹری آتا جاتا ہے اور دور بیٹھا شخص اُسے مشورے دیتا ہے کہ فلاں کریم اور لوشن خرید و تاکہ تمہارے چہرے میں نکھار آجائے، تم پیدل فیکٹری آتے جاتے ہو مارکیٹ میں فلاں ماڈل کی بہترین گاڑی آئی ہے اُسے خریدو، وغیرہ وغیرہ۔

بھائی صاحب!

ہم بھی سمجھتے ہیں کہ ایسا ہو جائے کہ ایک شخص عالم ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین ڈاکٹر ہو، بہترین انجینئر ہو، بہترین بزنس مین ہو، موجودہ سیاسی و قانونی پیچیدگیوں سے واقف ہو، مگر بنیادی مقصد پر سودا کرنا عقلمندی کا کام نہیں، اگر یہ سودا ہو جائے تو میں اسے مدارس کے واسطے "لینے کے دینے پڑنا" تصور کروں گا۔ **رہی بات دینی مدارس کی کارکردگی کی کہ کیا رہی ہے؟** اور مقاصد کے حصول میں انہیں کتنی کامیابی ملی ہے؟ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ پوری دنیا کے مقتدر طبقات خصوصاً نیو ورلڈ آرڈر قائم کرنے والوں نے دین و مذہب کا نام مٹانے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگا رکھا ہے، ہر طرف کفر و شرک کے گھٹا ٹوپ اندھیرے ہیں، مذہب بیزاری اپنے عروج پر ہے، مگر جہاں جہاں خود مختار دینی مدارس قائم ہیں وہاں انہی کی خدمات کا ثمرہ ہے کہ آپ کو اسلامی تہذیب و ثقافت اور دینی رسوم و عبادات کے روشن آثار نظر آئیں گے، عموماً لوگ دینی جذبات و احساسات کے حامل ہوں گے، مسلمانوں میں طاغوتی نظام اور بے دینی کے خلاف انقلاب کی چنگاری سُلگ رہی ہے، انہیں فقط رہبر کی ضرورت ہوتی



ہے، جس کا مشاہدہ نائن الیون 2001ء کے بعد پاکستان میں سب نے کیا۔ مدارس کو اپنے مقاصد میں حیرت انگیز کامیابی حاصل ہوئی ہے، ان کی چہار دیواریوں سے بہت کم مدت میں لاتعداد مفسّرین ومحدّثین، فقہاء ومفتیان، متکلمین و مبلغین اور مناظر حضرات تیار ہو کر نکلے ہیں، جنہوں نے اسلامی تعلیمات کو بستی بستی پہنچایا، ناموسِ رسالت کی حفاظت کی، اسلام دشمن عناصر کے ملحدانہ نظریات کی راہ روکی، برصغیر (پاک وہند) کے مسلمانوں کو سامراج کے پنجوں سے آزادی دلوائی۔

گرامی قدر قارئین!

دینی مدارس کی کارکردگی کی بات چل رہی تھی تو اس بارے میں خلاصے کے طور پر کہہ سکتا ہوں کہ دینی مدارس وجامعات نے بچے کی ولادت کے بعد کان میں اذان دینے سے لے کر نمازِ جنازہ پڑھانے تک اُمت مسلمہ کی دینی وتعلیمی رہنمائی کے لئے ایسی خدمات پیش کیں ہیں کہ کوئی ایک مسلمان بھی ایسا نہیں مل سکتا جو ان خدمات سے محروم رہا ہو۔

قارئین کرام!

دینِ اسلام عصری علوم وفنون کو حاصل کرنے سے منع نہیں کرتا، مگر المیہ یہ ہے کہ عصری علوم وفنون کے محصّلین میں ایک بڑی تعداد دین سے بے بہرہ لوگوں کی ہوتی ہے اور ایک معتدبہ تعداد تو ایسے لوگوں کی ہوتی ہے جو دین سے بیزاری کی اس حد تک پہنچی ہوتی ہے کہ تمام تر مشکلات کی وجہ انہیں دین اور دیندار لوگ نظر آتے ہیں، وہ یہی سمجھتے ہیں کہ دین اور دینداروں کے صفائی سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا، امریکہ کی طرح ہم بھی چاند پر کمند ڈالنے کے دعویدار بن جائیں گے۔ اب دین سے یہ بے بہرگی یا دین سے بیزاری کا ذمہ دار کس کو ٹھہرایا جائے؟ نصابِ تعلیم کو یا نظامِ تعلیم کو؟


میں تو سمجھتا ہوں کہ دونوں مساوی درجہ میں اس کے ذمہ دار ہیں، کیونکہ عصری اداروں میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے اس میں صرف غیر شرعی نظریات ہی نہیں بلکہ کفری نظریات بھی شامل ہیں، مثلاً نظریہ ارتقاء، نظریہ وجودِ کائنات وغیرہ، اور یہ نظریات ایسے ہیں جن کو پڑھ کر ایک شخص حقیقی انسان (یعنی اپنے خالق ومالک کے احکام کی بجا آوری کرنے والا) بننے کی بجائے اپنے آپ کو مستقل بالذات سمجھنے لگتا ہے، وہ حلال وحرام سے صرف نظر کر کے من مانی زندگی گزارنا اپنا حق سمجھتا ہے، وہ اپنی خواہش کو الٰہ کا درجہ دے کر اس کی پیروی کو اپنی زندگی کا مقصد سمجھتا ہے، اس کی تمام عمر کا حاصل پُر تعیّش وپُر آسائش زندگی ہوتی ہے۔ اسی طرح تقریباً تمام عصری اداروں میں تعلیم جس نظام کے تحت دی جاری ہے وہ اُس مغربی دنیا سے درآمد شدہ ہے جو مادیت پرستی میں اپنی نظیر نہیں رکھتا، اس نظام کے تحت پڑھنے والا بقول لارڈ میکالے پاکستانی یا ہندوستانی تو ہو گا مگر اس کی وفاداری انگلستان سے ہو گی، وہ مغرب کا ترجمان ہو گا، وہ فقط نام کا مسلمان ہو گا اس کی ہمدردی بجائے مسلمانوں کے مغرب کے ساتھ ہو گی، اُس کے لئے آئیڈیل دین بیزار لوگ ہوں گے، حتیٰ کہ اس کے چلنے پھرنے اور کھانے پینے کا انداز بھی وہی ہو گا جو اس کے مغربی آقاؤں کا ہوتا ہے۔

گرامی قدر قارئین!

خالص اسلامی تعلیم ہی ہمارے بہترین معاشرے کی ضامن ہے، ہمیں چاہئے کہ اپنے مستقبل کو مغرب کی کھوکھلی اور مادہ پرستانہ تعلیم سے بچائیں، ہمیں اپنی اولاد کو پیسہ کمانے کی مشین بنانے کے بجائے ایسا نابغۂ روزگار بنانا چاہئے کہ وہ دنیا میں کسی سے مرعوب نہ ہو اور آخرت میں رفعِ درجات کا موجب ہو، ورنہ ہمیں بھی مغرب کی طرح مادیت پرستی کے خطرناک وسنگین نتائج سے دوچار ہونا پڑے گا، جس کے آثار ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، چند فیصد کو چھوڑ کر باقی اہلیانِ پاکستان اسبابِ دنیا جمع کرنے کے پیچھے لگے ہوئے ہیں، یہی لوگ ان دینداروں کو جو دنیا کی طرف پُشت کر کے آخرت کی فکر میں مگن ہیں، طنزیہ انداز میں مخاطب کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

قارئینِ کرام!

دینی مدارس میں عصری علوم وفنون لانے کے بجائے اگر عصری تعلیمی اداروں میں بھی مذہبی تعلیم کو بنیادی حیثیت دی جائے تو میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جب یہ لوگ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی تعلیم پائیں گے، ان کے دل میں بھی دین کی تڑپ پیدا ہو جائے گی تو ایک بہترین معاشرہ تشکیل پائے گا، جب یہ لوگ زندگی کے اصل مقصد سے واقف ہوں گے تو اپنی آنے والی نسل کو بھی اس سے روشناس کر سکیں گے، اور یوں ہم اس قابل ہو سکیں گے کہ ملت اسلامیہ سمیت تمام اقوامِ عالم کی قیادت کر سکیں، پوری دنیا میں شیطان اور اس کے پجاریوں کو زیر کرنے اور اسلام کا بول بالا



کرنے کا اعزاز حاصل کر سکیں، ترقی کے اعلیٰ مینار حاصل کر سکیں، پھر ہمیں امریکہ اور ورلڈ بینک وغیرہ سے بھیک اور قرضے مانگنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وطنِ عزیز کے اربابِ اقتدار کا اولین ہدف وہ دینی ادارے ہیں جن میں امن وآشتی، محبت وبھائی چارے، اسلامی اَقدار اور وطن کی حفاظت کی بے لوث تعلیم دی جاتی ہے، ان (اربابِ اقتدار) کی ہمیشہ یہی کوشش رہتی ہے کہ اپنے مغربی آقاؤں کی خوشنودی کے لئے ایسی پالیسیاں سامنے لائیں جس کی بدولت مدارس وجامعات کو ملک میں قائم مغرب زدہ تعلیمی نظام میں شامل کرنے پر مجبور کیا جائے، یا کم از کم ان کے انتظامی، مالی اور نصاب سے متعلق امور کی نگرانی حکومت کے زیرِ اثر ہو جائے۔ پھر یہ لوگ اپنی پالیسی کو معقول ثابت کرنے، لوگوں کو اپنا ہمنوا بنانے اور مدارس کی حیثیت گھٹانے کے لئے کہتے ہیں کہ مدارس میں دہشت گردی کی تعلیم دی جاتی ہے، وطن میں جاری خون ریزی کے پیچھے مدارس اور منتظمینِ مدارس کا ہاتھ ہے، مدارس دہشت گردی کے اڈے ہیں، مدارس سے دہشت گردوں کی مالی پشت پناہی کی جاتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اور یہ صرف پروپیگنڈے تک ہی محدود نہیں رہے بلکہ اکیسویں صدی کی دوسری دہائی میں سب سے زیادہ پاکستانی اسٹیبلشمنٹ نے مدارس میں پڑھنے پڑھانے والوں کو شہید وگرفتار کیا، اور انہیں ڈرایا دھمکایا۔

یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں نے اپنے بچوں کو مدارس بھیجنا چھوڑ دیا، بعض معاونینِ مدارس نے ان سے تعاون ترک کر دیا، اور معاملہ یہاں تک پہنچا کہ بعض اربابِ مدارس نے الزامات سے بچنے اور خود کو روشن خیال ظاہر کرنے کے لئے سابق ڈی جی آئی ایس پی آر میجر جنرل آصف غفور کو اپنے یہاں مدعو کیا، اور پھر اسے وہ پروٹوکول ومحبت دی جس سے اُن مدارس اور اہلیانِ مدارس کے ماتھے پر انتہائی بدنما داغ لگ گیا کہ جو فوج اور خفیہ ادارے آج تک مدارس وجامعات کو وطنِ عزیز کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ سمجھتے ہوئے ان کے خلاف فوجی آپریشنز کرتے رہے ہیں اُن کا ترجمان اِس قدر معزز ومکرم ہو گیا کہ قال اللہ اور قال الرسول کہنے والے اس کا ماتھا چومنے لگے، اس کے ساتھ سیلفی لینا اپنے لئے اعزاز سمجھنے لگے، مسلمانوں کے چندے سے اسے پُرتکلف ظہرانہ دینے لگے، اس کے ساتھ اپنے اساتذہ ومعلمین سے بڑھ کر عقیدت واحترام کے ساتھ پیش آنے لگے۔

معزز قارئین!

جن اربابِ مدارس نے فوجی ترجمان کو اعزاز واکرام سے نوازا، مجھے ان پر انتہائی حیرت وتعجب ہے کہ آیا یہ وہ فوج نہیں جس نے مسجد ومدرسہ کا تقدس پامال کیا؟

جس نے سینکڑوں مدارس ومساجد کو ڈھایا؟

جس نے علماء ومشائخ کو شہید کیا؟

جس نے ہزاروں محبانِ دین ووطن (مجاہدین) کو شہید کیا؟

جس نے لاتعداد اسلام پسند عوام کو اپنے گھروں سے بے دخل کیا؟

جس کی قید میں اب تک ہزاروں اہلیانِ پاکستان ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں؟

جس نے دہشت گردی کے خلاف آپریشن کے نام پر مسلمانانِ پاکستان کی چادر وچاردیواری کی عزت وناموس سے کھیلا؟

جس نے اسلامی تاریخ خاک میں ملاتے ہوئے سینکڑوں مجاہدین سمیت دخترِ وطن ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو ڈالروں کے عوض امریکہ کے حوالہ کیا؟

اور سب سے بڑھ کر آیا یہ وہ فوج نہیں جو ہمیشہ اسلامی نظام کے نفاذ میں سب سے بڑی رکاوٹ ثابت ہوئی؟

آپ یہ سب کچھ اتنی جلدی کیسے بھول گئے؟

کیا آپکو یاد نہیں کہ اسی فوج نے جامعہ حفصہ اور لال مسجد کے طلبہ وطالبات کو فاسفورس بموں سے جلا کر خاکستر کیا؟

کیا آپکو یاد نہیں کہ اسی فوج نے اِمارت اسلامیہ افغانستان کو گرانے میں فرنٹ لائن اتحادی کا کردار ادا کیا؟

کیا آپکو یاد نہیں کہ اسی فوج نے پاکستان بنتے وقت "ہندو مسلم فسادات" برپا کرنے کی خاطر مسلمانوں کا قتلِ عام کیا؟

کیا آپکو یاد نہیں کہ اسی فوج کے غلط کردار نے مشرقی پاکستان کو ہم سے جدا کیا؟

اور آج ایک بار پھر یہی فوج اسلام پسندوں کے مقابلے میں بھیانک پالیسی پر عمل پیرا ہے، جس نے ایک مرتبہ پھر ملک کو سقوط کے دہانے پر لاکھڑا کر دیا ہے۔

کیا آپکو معلوم نہیں کہ اسی فوج کے ہاتھوں ہزاروں مائیں، بہنیں اور بچے فریادی بینر اٹھائے سڑکوں پر سسک رہے ہیں؟

کیا آپکو معلوم نہیں کہ اس فوج نے مظلوم فلسطینی مسلمانوں پر صرف اس لئے بمباری کی تاکہ اس سے عالمی طاغوت خوش ہو جائے؟



کیا آپکو معلوم یاد نہیں کہ اسی فوج نے عراقی مسلمانوں کے خلاف امریکہ کا ساتھ دیا؟

کیا آپکو معلوم نہیں کہ یہ وہی فوج ہے جو ہمیشہ دینی مدارس اور دینداروں کے درپے رہتی ہے؟

اگر یہ سب معلوم ہونے کے باوجود انہوں نے ایسا کیا تو پھر میں یہی سمجھوں گا کہ ان کی اسلامی غیرت کا جنازہ نکل چکا ہے، ان میں اسلامی حمیت برائے نام بھی موجود نہیں رہی۔ یہ لوگ یا تو اپنی اصلیت و حقیقت سے نکل گئے ہیں یا خوف و ڈر کے مارے انہیں سمجھ نہیں آتا کہ کیا کریں؟ اور اگر انسان ہونے کے ناطے بھول یا خطاء کا شکار ہوگئے تو خدارا آئندہ مسلمانوں کے آستین کے سانپوں کو پالنے، انہیں بڑا بنانے، ان کی گرتی ہوئی ساکھ کو بچانے کی ہرگز کوشش نہ کریں، بلکہ مسلمانانِ پاکستان کو ان سے چھٹکارا دلانے کے لئے میدانِ عمل میں کود پڑیں، عوام کے سامنے ان کے مکروہ چہرے سے پردہ اٹھائیں، ان کی اسلام دشمنی لوگوں پر واضح کریں، اور اگر یہ نہ کر سکیں تو خدارا اِن کرائے کے گدھوں سے کم از کم خود کو دور رکھیں، تاکہ لوگ مغالطے میں نہ پڑیں، لوگ ان پر اسلامی فوج کا گمان نہ کریں، لوگ انہیں اسلام کے محافظ نہ گردانیں، لوگ انہیں شہادت کے تمغوں سے نہ نوازیں۔

قارئین کرام!

مدارس کو درپیش خطرات میں سے سب سے بڑا خطرہ پاکستان پر مسلط حکمران طبقہ ہے، اس طبقے کی ہمیشہ یہ کوشش رہتی ہے کہ مدارس کو بدنام کیا جائے، مدارس پر ایسے لیبلز لگائے جائیں کہ لوگ مدارس کا رُخ نہ کریں اور مدارس کے ساتھ تعاون چھوڑ دیں، لیکن "پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا" یہ طبقہ مدارس کے خلاف عوامی ذہن سازی کے لئے اربابِ مدارس یا طالبانِ مدارس کی اِدنیٰ سی غلطی کو بھی بڑھا چڑھا کر پیش کرتا ہے، حکمران طبقہ ان کی معمولی بدنظمی کو شہ سرخی کے طور پر پیش کرتا ہے، حالانکہ حکمران طبقہ اِس پر تو کبھی توجہ نہیں دیتا کہ اِن کے نظم و نظام کے تحت جو تعلیمی اِدارے قائم ہیں ان میں نوعمر بچے بچیوں کو ثقافت و آرٹ کے نام پر ناچ گانے اور عریانی و فحاشی کی تربیت زوروں پر ہے، جس کے نتیجے میں اب تک وطنِ عزیز کے اسکولوں میں معصوم کمسن بچیوں کی ایک بڑی تعداد زیادتی کا نشانہ بن چکی ہیں، انہی عصری تعلیمی اداروں میں اسلامی دستور کے خلاف اسلامی اَقدار و اَحکام کا مذاق اُڑانا معمول بنتا جارہا ہے ، (جس کے کئی کیسز ردعمل آنے کے باعث ریکارڈ پر ہیں) جبکہ ان اداروں پر حکومت کروڑوں وہ روپے خرچ ہوتے ہیں جو غریب عوام سے ٹیکس، کسٹم، فیس، کرایہ وغیرہ کی صورت میں وصول کئے جاتے ہیں۔

حکمران طبقے نے کبھی بھی ان اداروں کے انتظامی و نصابی اُمور کی بخوبی نگرانی اور اصلاح نہیں کی، ان کے مغربی کلچر و سسٹم کو نہیں بدلا، ان میں وہ مسلسل استہزاء بند نہیں کیا جو اسلامی اَقدار و اَحکام کے خلاف ہو رہا ہے، البتہ اُن دینی مدارس کے پیچھے پڑے رہے جہاں اسلامی اخلاق و اقدار کا درس دیا جاتا ہے، جہاں امن و آشتی، محبت و بھائی چارے کی فضا قائم ہے، جہاں چھوٹے بڑوں کی عزت کرتے ہیں، جہاں اسلامی وطن سے محبت کی تعلیم دی جاتی ہے، جہاں آداب سکھائے جاتے ہیں، جہاں بداخلاقی و بدتمیزی کا قلع قمع کیا جاتا ہے، جہاں بہترین معاشرہ تشکیل دینے کے اصول سکھائے جاتے ہیں، قصۂ مختصر جہاں انسانیت سکھائی جاتی ہے۔

گرامی قدر قارئین!

مدارس کو ہر میدان میں کام کرنے کی ضرورت ہے، جدید آلات و مشینری سے فقہی مسائل کی وابستگی روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں، اس میدان میں وسیع پیمانے پر کام کی اشد ضرورت ہے، معیشت و تجارت کے میدان میں نت نئے طریقے ایجاد ہو رہے ہیں، ان میں مدارس کے اہلِ علم حضرت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کی نشان دہی کریں کہ فلاں طریقہ اسلام کے ساتھ متصادم ہے اسے چھوڑا جائے، فلاں طریقے میں یوں یوں تبدیلی کی جائے تو شریعت کے موافق ہو جائے گا، فلاں طریقہ جائز ہے، اسے اختیار کیا جاسکتا ہے، وغیرہ وغیرہ، اسی طرح جدید مغرب زدہ تعلیم اور آزاد میڈیا کے باعث فکری، نظریاتی اور اعتقادی لحاظ سے جو انحرافات، فسادات اور تبدیلیاں ہماری نئی نسل میں آ رہی ہیں انہیں دقیق نگاہ سے مطالعہ کرنا اور ان کے حکمت بھرے جوابات دینا مدارس اور فضلائے مدارس کے لئے بہت بڑے چیلنج ہیں، کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ پوری دنیا میں دین و مذہب سے آزادی کے لئے ہر سطح پر کام ہو رہا ہے، میڈیا پر بچوں کے لئے بنائے جانے والے کارٹونز سے لے کر اخباری مضامین تک سب عالمی حقوقِ آزادئِ بیان اور آزادئِ اظہار رائے کی آڑ لیتے ہوئے مذہب سے آزادی کا پرچار کرتے نظر آتے ہیں۔ دیندار اور مذہبی لوگوں کے خلاف رائے عامہ ہموار کرنا ان کا نصب العین بن چکا ہے، روشن خیالی کی توصیف اور دین و مذہب کی پابندی کی



تقلیح ہر عالمی (اور ملکی) پروگرام میں واضح نظر آتی ہے۔ جس کے باعث مسلمانوں کی نئی نسل صرف عملی بے راہ روی کی شکار نہیں بلکہ اعتقادی لحاظ سے دین بے زار ہے، صرف اسلامی عقائد سے بے خبر ہی نہیں بلکہ انہیں طفل کہانیاں سمجھتی ہے۔

فکری، نظریاتی اور اعتقادی لحاظ سے جو بگاڑ ہمارے معاشرے میں پھیل رہا ہے اس سے متعلق مفکرِ اسلام سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی تقریر "ذہنی اور اعتقادی ارتداد، ایک اہم مسئلہ فوری توجہ کا حامل" ملاحظہ کریں جو انہوں نے کئی دہائیاں قبل کی تھی۔

مفکر اسلام فرماتے ہیں:

حضرات!

اِسلام کی تاریخ میں اِرتداد کے متعدّد واقعات پیش آئے ہیں، سب سے بڑا اور سخت سانحۂ اِرتداد عرب قبائل کا اِرتداد تھا، جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے معاً بعد پیش آیا، یعنی وہ زبردست باغی تحریک جس کو ابوبکر صدیق نے اپنے بے نظیر عزم وایمان سے سر اُٹھاتے ہی کچل دیا تھا۔ دوسرا بڑا اِرتدادی واقعہ نصرانیت اختیار کرلینے کی وبا تھی، جو ہسپانیہ سے مسلمانوں کے اِخراج کے بعد پھیلی اور بعض اُن دوسرے ملکوں میں بھی جو مسیحی مغربی طاقتوں کے زیرِ نگین تھے اور عیسائی پادری اور مشنری وہاں اس مقصد کے لئے سرگرمِ عمل تھے۔ اِن معتدبہ واقعات کے علاوہ اِکاؤکا واقعات اور بھی ہیں، مثلاً ہندوستان میں کسی خفیف العقل اور پست طبیعت فرد نے اِسلام کو چھوڑ کر دوسرا مذہب اختیار کرلیا، لیکن ایسے واقعات شاذونادر ہی ہوئے ہیں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر بدنصیب ہسپانیہ کے فتنۂ نصرانیت کو ارتداد کہنا صحیح ہے تو اس کو مستثنیٰ کرکے کہا جاسکتا ہے کہ مسلمانوں کی تاریخ کسی عام ارتداد سے آشنا نہیں ہوئی۔ جیسا کہ مؤرخینِ مذاہب کا اعتراف ہے۔ یہ واقعات جب کبھی پیش آئے، ان پر ہمیشہ دو اثرات مرتب ہوئے:

۱) مسلمانوں کی طرف سے سخت ناراضگی اور ناپسندیدگی۔

۲) اسلامی سوسائٹی سے قطع تعلق۔

یعنی جو کوئی اپنے دین سے منحرف ہوتا تھا وہ مسلمانوں کے سخت غیظ وغضب کا نشانہ بنتا تھا اور اس اسلامی معاشرے سے خود بخود منقطع ہوجاتا تھا، جس میں اس کی بودوباش ہوتی۔ مجرّد ارتداد سے اس کے اور اس کے اہلِ قرابت کے درمیان تمام رشتے اور تعلقات کٹ جاتے تھے، اور ارتداد کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ آدمی گویا ایک دوسرے معاشرے اور ایک دوسری دنیا میں منتقل ہوگیا۔ مرتد کا خاندان اس کا بالکلیہ بائیکاٹ کردیتا تھا۔ اب نہ رشتہ رہتا تھا، نہ اخوت نہ وراثت۔

ارتداد کی اگر کوئی لہر کبھی اُٹھتی تھی تو اس سے بین الادیانی کشمکش برپا ہوتی اور مسلمانوں میں مقاومت اور اسلام کے دفاع کی روح بیدار ہوجاتی تھی، جس اسلامی ملک میں ایسے واقعات پیش آجاتے تھے وہاں کے علماء و داعیانِ اسلام اور اہلِ قلم پُرجوش طریقے سے ان کے خلاف صف آراء ہوجاتے، ان کے اسباب کی کھوج لگاتے اور اسلام کے محاسن وفضائل کو سامنے لاتے تھے۔ اس مسلمان معاشرے کا یہ حال ہوجاتا جیسے قلق واضطراب اور غیظ وغضب کی ایک موج آکر سب کو تہ وبالا کرگئی ہو۔ یہ حوادث مسلمانوں کو چیلناڑ کر رکھ دیتے، اور کیا خواص؟ کیا عوام؟ سب کے لئے ایک ہی بات اور ایک ہی فکر ہوتی تھی۔ یہ ہوتا تھا کہ اسلامی سوسائٹی پر واقعات ارتداد کا ردّ عمل اور ان کی لازمی خصوصیت، حالاں کہ نہ یہ کسی وسیع پیمانے پر پیش آتے تھے اور نہ زندگی پر ان کے کچھ اثرات ہی پڑتے۔

لیکن اب کچھ عرصے سے دنیائے اِسلام کو ایک ایسے اِرتداد سے سابقہ پیش آیا ہے جس نے اس کے اِس سرے سے اُس سرے تک ایک لہر پیدا کردی ہے۔ یہ اپنی شدت وقوت اور وُسعت وعمق (گہرائی) میں اب تک کی تمام اِرتدادی تحریکوں سے بازی لے گیا ہے، کوئی ملک ایسا نہیں ہے جو اس کی غارت گری سے بچا ہوا ہو، بلکہ ملک تو ملک خاندانوں میں ایسے مشکل ہی سے تھوڑے بہت ہوں گے جو اس کی دستِ بُرد سے محفوظ ہوں۔ یہ وہ اِرتداد ہے جو شرقِ اسلامی پر یورپ کی سیاسی اور تہذیبی تاخت کے پیچھو پیچھو آیا ہے۔ یہ سب سے عظیم اِرتداد ہے جو عہدِ رسالت سے لے کر آج تک کی اِسلامی تاریخ میں رونما ہوا ہے۔ شریعتِ اسلامی کی اصطلاح میں "ارتداد" کے کیا معنی ہیں؟ ایک دین کی جگہ دوسرا دین اور ایک عقیدے کے بجائے دوسرا عقیدہ اختیار کرنا، رسول جو تعلیمات لے کر آیا، جو کچھ اس سے تواتراً منقول ہے اور جو کچھ اسلام میں قطعی طور پر ثابت ہے اس سے انکار کرنا۔

اور ایک مرتد کیا رویہ اختیار کرتا تھا؟ رسالت محمدی عَلٰی صَاحِبِہَا الصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ کا انکار کرتا تھا اور مسیحیت، یہودیت یا ہندو مذہب کی طرف منتقل ہوجاتا تھا یا اِلحاد کی راہ اختیار کرتا اور وحی و رسالت اور آخرت سے منکر ہوتا تھا۔ یہ ارتداد کے وہ معنی ہیں جن سے پرانی دنیا یا پرانی سوسائٹی واقف تھی،



ہر وہ شخص جو اپنا دین چھوڑتا تھا، اگر مثال کے طور پر نصرانی بن جاتا تو کلیسا میں داخل ہوتا یا اگر ہندو مذہب اختیار کرتا تو بُت خانے کی راہ لیتا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ یہ ارتداد سب پر روشن ہو جاتا تھا اور مرتد دُور سے پہچان لیا جاتا تھا، اس کی طرف اُنگلیاں اُٹھتی تھیں اور مسلمان اس شخص سے تمام اُمیدیں منقطع کر لیتے تھے۔ الحاصل: عام طور پر کسی کا ارتداد کوئی راز نہیں ہوا کرتا تھا۔ یورپ نے مشرق میں وہ فلسفے پہنچائے جو دین کی بنیادوں کے انکار پر مبنی تھے، جن کی بنیاد اِس عالم میں کارفرما (متصرّف) قوّت کے اِنکار پر تھی، وہ باشعور قوّت جو اِس دنیا کو عدم سے وجود میں لائی اور جس کے دستِ تصرّف میں کائنات کی زمامِ کار ہے۔ [أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ] (خبردار! اسی نے تخلیق کی اور اسی کا حکم چلتا ہے) وہ فلسفے جو عالمِ غیب، وحی، نبوت، شرائعِ سماویہ اور روحانی واخلاقی قدروں کے انکار پر مبنی تھے۔ یہ تھی مغرب کے لائے ہوئے تمام فلسفوں کی مشترک بنیاد، جن میں کوئی علم النفس تھا اور کسی کا موضوع بحث سیاست واقتصاد، فلسفے اپنے موضوعات میں خواہ باہم کتنے ہی مختلف تھے، تاہم اس نقطے پر سب ملتے تھے کہ انسان کائنات کو محض بادی نظر سے دیکھیں اور ان دونوں کے ظاہری احوال وافعال کی مادی توجیہ کریں۔

یہ فلسفے مشرقِ اسلامی معاشرے پر حملہ آور ہوئے اور اس کے وطن تک گھس گئے۔ یہ فلسفے سب سے بڑا دین تھے جو تاریخ میں اِسلام کے بعد پیدا ہوئے، سب سے بڑا دین اپنی وسعت اشاعت کے لحاظ سے، سب سے گہرا دین اپنی جڑوں کے لحاظ سے اور سب سے طاقتور دین دلوں اور دماغوں کو مُسخّر کرنے کے لحاظ سے، اسلامی ملکوں کا وہ طبقہ جو علم وفہم کے لحاظ سے ممتاز تھا اس دین پر فریفتہ ہو گیا۔ اس نے اسے نہایت خوشگواری کے ساتھ حلق سے اتارا اور اطمینان کے ساتھ ہضم کر لیا، وہ اس دین کا ٹھیک اسی طرح پیروکار بن گیا جس طرح ایک مسلمان اسلام کا اور ایک مسیحی مسیحیت کا، حتیٰ کہ وہ اس پر جان دیتا ہے، اس کے شعائر کی عزت کرتا ہے، اس کے رہنماؤں اور داعیوں کی عظمت کا کلمہ پڑھتا ہے، اپنے ادب اور تالیفات میں اس دین کی دعوت دیتا ہے اور جو دین، جو نظام اور جو طرزِ فکر اس کے معارض ہوتا اس کی تحقیر کرتا ہے۔ اس دین کے ہر پیروکار سے وہ اخوت کا رشتہ استوار کرتا ہے اور اس طرح یہ تمام افراد ایک اُمت، ایک خاندان اور ایک گروہ بن گئے ہیں۔ یہ نیا دین اگرچہ اس کے پیروکار اس کو "دین" کا نام دینے سے اِنکار کرتے ہوں۔ کیا ہے؟ کائنات کو وجود میں لانے والی اس علیم وخبیر ہستی کا اِنکار جو مالکِ تقدیر بھی ہے اور رہنمائے حیات بھی [الَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی] حیات بعد الموت، حشر، جنت ودوزخ، ثواب وعذاب کا انکار، نبوت ورسالت کا اِنکار، شرائعِ سماویہ اور حدودِ شرعیہ کا اِنکار اور اس حقیقت کا اِنکار کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام مخلوق پر اپنے برگزیدہ رسول (خاتم الرسل) کی اِطاعت فرض کی ہے اور ہدایت وسعادت کو اس کی پیروی میں منحصر کر دیا ہے اور اس بات کا اِنکار کہ اِسلام وہ آخری اور دائمی پیغام ہے جو دین ودنیا کی تمام سعادتوں کا کفیل ہے اور زندگی کا ایک نظام ہے جو سب سے اَعلیٰ اور اَفضل ہے اور وہی وہ دین ہے جس کے علاوہ کوئی دین اللہ کے یہاں مقبول نہیں۔ اور جس کے بغیر دنیا کی فلاح وسعادت کا کوئی اِمکان نہیں اور اس کا اِنکار کہ دنیا انسان کے لئے پیدا کی گئی ہے اور انسان اللہ کے لئے۔

آج جس طبقے کے ہاتھ میں اکثر ممالکِ اِسلامیہ کی زمامِ حیات ہے، اس کے اَفراد کی ایک بڑی تعداد اسی دین کی پیروکار ہے، اگرچہ یہ سب پختگیٔ اِیمان اور سرگرمیٔ عمل میں ایک درجے کے نہ ہوں، بحمد اللہ! اس طبقے میں خاصی تعداد میں ایسے اَفراد بھی ہیں جو اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور اسلام کی پیروی کرتے ہیں۔ مگر اس طبقے کا وہ وصف جو افسوس ہے کہ اس پر غالب ہو گیا ہے اور اس کے بہت سے مقتدر اَفراد کا دین یہی مادہ پرستی اور زندگی کا مغربی فلسفہ ہے جو اِلحاد پر مبنی ہے۔ میں پھر کہتا ہوں کہ یہ وہ ارتداد ہے جس نے عالمِ اسلامی کو اِس سرے سے اُس سرے تک تاراج کیا ہے، گھر گھر اور خاندان خاندان پر اس کا حملہ ہوا ہے۔ یونیورسٹیوں، کالجوں اور اداروں سب پر اس دین کا کوئی پیروکار، پرستار اور عقیدت گزار نہ ہو۔ آپ جب ذرا اس سے تنہائی میں باتیں کریں گے، کچھ چھیڑیں گے اور اندر کی بات اُگلوائیں گے تو دیکھیں گے کہ وہ ایمان باللہ سے محروم ہو گا، یا ایمان بالآخرۃ سے خالی ہو گا، یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ رکھتا ہو گا، یا قرآن کو ایک معجزہ واَبدی کتاب اور دستورِ حیات نہ مانتا ہو گا، اور ان میں سب سے غنیمت وہ ہو گا جو کہے گا کہ میں اس قسم کے مسائل پر غور نہیں کرتا اور ان کو کوئی بڑی اہمیت نہیں دیتا۔

بلاشبہ یہ ارتداد ہے، لیکن وہ مسلمانوں کی توجہ اپنی طرف مبذول نہیں کر سکا۔ کیوں؟ اس لئے کہ اِس ارتداد کا مارا ہوا کلیسا یا ہیکل میں نہیں جاتا اور نہ اپنے ارتداد اور تبدیلِ مذہب کا اعلان کرتا ہے۔ نہ معاشرہ اس پر



درپیش ہو، پس وہ بدستور اسی سوسائٹی اور معاشرے میں رہتا ہے۔ اپنے تمام حقوق حاصل کرتا ہے، بلکہ معاشرے پر حاوی ہونے تک کا موقع اس کو مل جاتا ہے۔ یہ عالمِ اسلامی کا نہایت اہم مسئلہ اور بڑا قابلِ فکر معاملہ ہے۔ ارتداد پھیلتا ہے، اسلامی معاشرے پر حملہ آور ہوتا ہے اور کوئی اس پر چونکتا تک نہیں۔ علمائے اُمت اور رِجالِ دین اس سے کوئی پریشانی اور بے چینی محسوس نہیں کرتے۔ پہلے جب کوئی پیچیدہ مسئلہ پیش آتا تھا تو لوگ اُس کو حل کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یاد کیا کرتے تھے:

"قَضِيَّةٌ وَلَا أَبَا حَسَنٍ لَهَا" یعنی ایک پیچیدہ فقہی مسئلہ درپیش ہے لیکن کوئی نہیں جو اس کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ذہانت کے ساتھ حل کرے۔

اِس ارتداد کے موقع پر بے ساختہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شانِ عزیمت یاد آتی ہے اور کہنا پڑتا ہے:

"قَضِيَّةٌ وَلَا أَبَا بَكْرٍ لَهَا" یعنی ارتداد کی آگ پھیل رہی ہے، لیکن کوئی نہیں جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قوتِ ایمانی اور شانِ عزیمت کے ساتھ اس پر قابو پائے۔

(خطبات علی میاں، ج: 3، ص: 335 تا 339۔ دار الاشاعت، کراچی)

فکری ارتداد کی یہ حالت کئی دہائیاں قبل کی ہے، اب تو اس میں ترقی اپنے عروج کو پہنچنے والی ہے۔ (اللہ تعالی تمام مسلمانوں کو اس سے بچائے، آمین۔) مسجد و مندر کا فرق مٹتا جا رہا ہے، جن لوگوں کے آباء واَجداد مسجد کے معمار تھے وہ مندر کی تعمیر میں مصروف ہیں، جن کے آباء واَجداد صلیبیوں کے ساتھ برسرِ پیکار تھے وہ آج صلیبیوں کے فرنٹ لائن اتحادی بنے ہوئے ہیں، بلکہ اسلام دشمنی میں صلیبیوں سے دو ہاتھ آگے ہیں۔

قارئین کرام!

تمام مسلمانوں اور خصوصاً مدارس کی ذمہ داری ہے کہ اس فکری ارتداد کے سامنے بند باندھیں، اس کی پیش قدمی روکیں اور مسلمان نسل کو اس فکری ارتداد سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کریں۔

وصلى اللّٰه على خير خلقه محمد وآله وصحبه أجمعين

برحمتك يا أرحم الراحمين

فرانس میں گستاخئ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر تحریک طالبان پاکستان کا اعلامیہ

فرانس میں سرکاری سطح پر گستاخانہ خاکوں کی اشاعت خصوصاً ملعون فرانسیسی صدر میکرون نے حد درجہ حدود پار کرتے ہوئے نبی الملاحم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرکے امت مسلمہ کی غیرتِ ایمانی کو للکارا اور اپنی غیر فطری نفرت کا اظہار کیا۔ لبرل ازم و سیکولرزم کے نعرے لگانے والے اہل مغرب کے متعفن چہرے اور نام نہاد تہذیب اب کھل کر سامنے آچکے ہیں جسکے بعد امت مسلمہ پر اہل مغرب کی منافقت مزید واضح ہو جانا چاہئے۔

ہم اس موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کے مرتکب کفار کو بتا دینا چاہتے ہیں کہ امت مسلمہ کمزور ضرور ہے، لیکن بے غیرت ہرگز نہیں، امت مسلمہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اپنی وفاداری ضرور نبھائے گی۔ ان شاء اللہ

رب العالمین نے ہر زمانے میں بنی نوع انسان کی ہدایت کیلئے، پیغمبران عظام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو رؤف و رحیم بنا کر بھیجا اور آپ کی شان و رفعت کا اعلان خود اپنے کلام قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۞

ترجمہ: اور ہم نے تمہارے لئے تمہارا ذکر بلند کر دیا۔ {سورۃ الانشراح:6}

تمام انبیاء کرام آپ پر ایمان لائے اور آپ کی عزت و تکریم کی اور آپ کی خدمت کا عہد لیا، سب کا ذکر فقط فرش پر ہی ہے مگر مصطفٰے کا ذکر فرش و عرش جنت میں ہے اور اپنے نام کے ساتھ اپنے محبوب کا نام رکھا، تمام انبیاء کو نام سے پکارا آپ کو اچھے اچھے القاب سے پکارا اور فرمایا "تمہارا ذکر ہمیشہ بلند رہے گا" اسے کوئی بند نہیں کر سکتا جیسے کوئی چاند سورج کو نہیں بجھا سکتا کہ یہ اللہ کے روشن کئے ہوئے ہیں، ایسے ہی تمہیں کوئی نیچا نہیں دکھا سکتا۔ کبھی کسی بدبخت نے اگر حضور کی شان میں گستاخی کی، تو خود رب تبارک و تعالی نے قرآن مجید میں آیت مبارکہ نازل فرما کر حضور کی جانب سے خود جواب دیا ماشاء اللہ، قرآن میں بہت سی آیتیں اس پر شاہد ہیں، حضور کا دشمن ولید بن مغیرہ نے آپ اس کو مجنوں کہا۔ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ۔ رب ذو الجلال نے فوراً قرآن کریم میں اس کی مذمت فرمائی اور اس کے دس عیوب گنوائے۔

محبوب خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے گستاخوں کی برائی کرنا سنت الہی ہے۔

تحریک طالبان پاکستان مظلوم امتِ مسلمہ کی جانب سے فرانسیسی مصنوعات کے بائیکاٹ کو سراہتی ہے، البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وفاداری کا شرعی تقاضہ اس سے بڑھ کر ہے کہ گستاخوں کو اپنے بدترین انجام سے دوچار کیا جائے امید ہے کہ امت وفاداری کا حق ضرور ادا کریں گے۔





کرونا وائرس اور پسِ پردہ حقائق

مفتی ابو معباح

